★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر
ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

وائس آف ایشیا

ٹیم ایڈیٹر
تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | جمعرات 05 نومبر 2026ء، 22 کاتک، 24 جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 239

ٹرمپ نے امریکی انتخابات میں شکست تسلیم کرلی

ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے کا اعلان

انتخابی نتائج تسلیم کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور ڈیموکریٹس کے ساتھ تعاون کی راہ نکالیں گے، ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے اپنے فیصلے کو بھی درست قرار دیا اور اسے ایک دانش مندانہ فیصلہ قرار دیا

ٹرمپ نے ریپبلکن امیدواروں کی شکست کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نام بیلٹ پر موجود نہ ہونے کی وجہ سے پارٹی کی کارکردگی متاثر ہوئی۔ ان کے بقول اگر وہ خود انتخاب لڑ رہے ہوتے تو نتائج مختلف ہو سکتے تھے

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی شکست کے بعد انتخابی نتائج قبول کرنے اور ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے پر آمادگی ظاہر کردی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ دونوں جماعتیں بعض معاملات پر اتفاق رائے پیدا کر سکتی ہیں۔ نیویارک ٹائمز کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ انتخابی نتائج تسلیم کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور ڈیموکریٹس کے ساتھ تعاون کی راہ نکالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپوزیشن کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں اور ممکن ہے کہ دونوں فریق کسی سمجھوتے تک پہنچ جائیں۔ ٹرمپ نے ریپبلکن امیدواروں کی شکست کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نام بیلٹ پر موجود نہ ہونے کی وجہ سے پارٹی کی کارکردگی متاثر ہوئی۔ ان کے بقول اگر وہ خود انتخاب لڑ رہے ہوتے تو نتائج مختلف ہو سکتے تھے۔ امریکی صدر نے ان ریپبلکن امیدواروں کی حمایت کے اپنے فیصلے کا بھی دفاع کیا جو سینیٹ کی نشستیں حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں ان امیدواروں کی حمایت کرنے پر کوئی پچھتاوا نہیں۔ انٹرویو میں ٹرمپ نے ایران

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

وفاقی کابینہ کا اجلاس: کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن، 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے کی منظوری

وفاقی کابینہ نے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات گورنر خیبر پختونخوا کو منتقل کرنے کی منظوری دے دی



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

حکومت کا انسداد دہشتگردی کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

اجلاس میں خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں امن وامان کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں وفاق کی طرف سے خیبر پختونخوا کیلئے 160 ارب کے پیکیج پر عمل درآمد کا بھی جائزہ لیا گیا

حکومت نے انسداد دہشتگردی کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی اور داخلی سلامتی سے متعلق اجلاس ہوا جہاں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کنڈی نے مختلف شعبوں میں اب تک کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں امن و امان کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا، ذرائع کے مطابق اے آر ڈی سی کی اب تک کی کارکردگی بھی زیر غور آئی۔ وزیراعظم نے وفاقی اور صوبائی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان کوآرڈی نیشن بہتر بنانے کی ہدایت کی، اجلاس میں

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

کرپٹ حکومت میں وزیر بن کر کیوں بیٹھے ہو؟ چوہدری سالک ثبوت پیش کریں ورنہ عدالت لے کر جاؤں گی، مریم نواز

مشکلات سے گھبرانا نہیں چاہئے، عوام کی خدمت کرکے جو سکون ملتا ہے وہ کہیں اور نہیں ملتا، ایک روپیہ بھی کرپشن کی ہو تو اللہ اور عوام کو جواب دے ہوں


سفارش پر آنے والا شخص ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے، جو لوگ میرے گرنے کے منتظر تھے آج ترقی دیکھ کر پروپیگنڈا کر رہے ہیں، تقریب سے خطاب

اٹک، لاہور (بیورو رپورٹ، نمائندہ خصوصی) مریم نواز نے کہا ہے کہ میں چوہدری سالک حسین کو چیلنج کرتی ہوں کہ وہ پنجاب حکومت کی کرپشن سے متعلق دعوے پر ہرجانے کا نوٹس بھجواں گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاں گی، انہوں نے کہا کہ اگر آپ کرپٹ حکومت ہے تو اس کے ساتھ وزیر بن کر کیوں بیٹھے ہو۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ جو شخص سفارش پر آتا ہے وہ ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اٹک میں 23 ارب روپے کی لاگت سے 127 ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کردیا، جن میں 59 سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس دینے نہیں بلکہ طلبہ کی کامیابیوں کو ایک ماں کی حیثیت سے سراہنے آئی ہوں، یہ طلبہ کی محنت کی کمائی اور ان کا حق ہے۔ بہت سے بچوں نے وسائل کی کمی اور سیاسی طور پر نظرانداز کئے جانے کے باوجود محنت کا راستہ نہیں چھوڑا، ماضی کی باتیں نہیں کرنا چاہتی، خرابیوں کی نشاندہی کے بجائے مسائل کے حل کے لیے آئی ہوں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ وسائل کی کمی کے باعث اب کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں ہوگا، پنجاب واحد صوبہ ہے جو بچوں کو

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

ریاست منافقت کرتی ہے، جواب دوں گا تو ایک اور ریفرنس دائر ہو جائے گا، جسٹس اعجاز اسحاق

توہین مذہب کیس کی سماعت کے دوران لگتا تھا کوئی آئے گا اور مجھے گولی مار کر چلا جائے گا



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ہائی کورٹ نے توہین مذہب کیس میں سزا میں پانچ ماہ 25 دن باقی رہ جانے والے مجرم کی سزا معطلی کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ سزا کیخلاف مرکزی اپیلوں کو دو ہفتے بعد سماعت کے لیے

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

پاکستان سعودی عرب کا میڈیا، ثقافت، عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق


دونوں ممالک کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، مکہ معاہدہ مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے، عطا تارڑ

سعودی سفیر نے مضبوط برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد، احترام، سیاسی و عسکری تعاون کو قابل فخر قرار دیدیا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) پاکستان، سعودی عرب نے میڈیا، ثقافت، عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کرلیا، وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ سے سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی، پاکستانی ڈراموں کی فروغ، وفود کے تبادلوں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، عطا تارڑ نے کہا پاکستان سعودی عرب کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان میڈیا، ثقافت، ڈرامہ، موسیقی، سیاحت، عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، مکہ دفاعی معاہدہ مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے، سعودی عرب کیساتھ تعلق محض سفارتی یا سیاسی نہیں، تاریخی، مذہبی، عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے، وزیر اطلاعات نے کہا غلط معلومات، جھوٹی پروپیگنڈے کی روک تھام، فیکٹ چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے، مشترکہ ثقافتی اقدار کی عکاسی کرنے والے مواد کی تیاری میں تعاون کی ضرورت ہے، مقصد کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنا ہوگا، سعودی سفیر نے مضبوط برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد، احترام، سیاسی و عسکری تعاون کو قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تقریبات، فنون، ادب، میڈیا کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

فضل الرحمان کے قریبی رفقا کیخلاف ادارے متحرک، مولانا کی اسلام آباد رہائشگاہ کے مالک کو بھی نوٹس جاری

فضل الرحمان کے قریبی حلقوں سے وابستہ متعدد افراد کو ایف آئی اے کی تحقیقات کا سامنا رہا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ فضل الرحمان کے قریبی ساتھی امان اللہ کو ایف آئی اے اور سی ڈی اے نے نوٹس جاری کردیا۔ رپورٹ کے مطابق فضل الرحمان کے اہل خانہ اور قریبی رفقا کے خلاف مالی بے ضابطگیوں اور قانونی خلاف ورزیوں پر مختلف ادارے متحرک ہوگئے۔ ایف

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کو ہوٹل میں تبدیل کریں گے، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد میں زمینوں پر جس طرح قبضے کیے گئے آپ کو بتا نہیں سکتا، لوگوں نے لان پر بھی قبضے کر رکھے ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد میں زمینوں پر جس طرح قبضے کیے گئے آپ کو بتا نہیں سکتا، ایف سکس سیون میں لوگوں نے لان پر بھی قبضے کر رکھے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں زمینوں پر جس طرح قبضے کیے گئے بتا نہیں سکتا لیکن ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کو فائیو اسٹار ہوٹل بنائیں گے اور کوشش ہوگی مہینوں میں کام ہو۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ آج کابینہ اجلاس میں ون کانسٹیٹیوشن کی رپورٹ پیش ہوئی ہے اور رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی کی گئی ہے، مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کی رپورٹ منظور ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہمارے پاس قانونی طور پر قبضہ آ گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں زمینوں پر جس طرح قبضے کیے گئے آپ

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

کام کی جگہوں پر تحفظ کے قوانین پر عمل درآمد اصل چیلنج ہے، سعید غنی

لیبر انسپکشن کا نظام مضبوط بنانے اور متعلقہ اداروں کی صلاحیت بڑھانے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت





کراچی (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ حکومت سندھ مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور کام کی جگہوں پر محفوظ ماحول یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے، تاہم صرف قانون سازی کافی نہیں بلکہ اصل چیلنج قوانین پر موثر عمل درآمد

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

امریکی انتخابات میں ریپبلکنز کی بڑی پسپائی، پارٹی رہنماؤں نے شکست کا ذمہ دار ٹرمپ کو ٹھہرا دیا

ڈیموکریٹس نے ٹیکساس، کینساس، اوہائیو اور جنوبی کیرولائنا سمیت بڑی ریاستوں میں کامیابیاں حاصل کی ہیں

ابتدا میں ریپبلکنز کو ایوان نمائندگان میں اکثریت کھونے کا خدشہ تھا، تاہم انہیں امید تھی کہ سینیٹ میں اپنی پوزیشن برقرار رکھ سکیں گے

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکہ کے وسط مدتی انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کو بڑے انتخابی دھچکے کا سامنا ہے، جبکہ ڈیموکریٹس ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں اکثریت حاصل کرنے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ انتخابی نتائج کے ابتدائی رجحانات کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی جماعت کے لیے ایک بڑا سیاسی نقصان قرار دیا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ڈیموکریٹس نے ٹیکساس، کینساس، اوہائیو اور جنوبی کیرولائنا سمیت ان ریاستوں میں کامیابیاں حاصل کی ہیں جہاں دو سال قبل ٹرمپ نے نسبتاً آسانی سے کامیابی حاصل کی تھی۔ اس کے علاوہ آئیووا میں بھی ڈیموکریٹس نے نمایاں پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

ایران کیخلاف بڑی کارروائی کا وقت آ گیا، ٹرمپ نے شدید ضرب لگانے کی دھمکی دیدی

امریکا کو ایک بڑی کارروائی کرنا ہوگی اور اس میں سخت حملہ بھی شامل ہو سکتا ہے، انٹرویو

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف بڑی فوجی کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا کو کچھ بڑا کرنا ہوگا اور ممکنہ کارروائی میں ایران کو شدید ضرب لگائی جا سکتی ہے۔ بی بی سی کے مطابق فاکس نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے ایران

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

پاکستان اور برطانیہ کا دہشتگردی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان انسداد دہشت گردی پر سالانہ دو طرفہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

سندھ میں گنے کی فی من قیمت بڑھانے کا مطالبہ، کرشنگ شروع نہ کرنے پر اسلام آباد مارچ کی دھمکی

صوبائی حکومت کو 10 دن کی مہلت دے رہے ہیں، سندھ آبادگار اتحاد اور کسان اتحاد کی مشترکہ پریس کانفرنس

کراچی (نامہ نگار) سندھ آبادگار اتحاد اور کسان اتحاد نے حکومت کو گنے کی کرشنگ شروع کرنے اور قیمت مقرر کرنے کے لیے 10 روز کی مہلت دے دی ہے، مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں کسانوں نے اسلام آباد کی جانب مارچ کرنے کا اعلان کر دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

وزارت خارجہ میں کروڑوں روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کے اجلاس میں وزارت خارجہ میں مالی سال 2023-24

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

حکومت کے پاس لیوی برقرار رکھنے کا کوئی ٹھوس جواز نہیں، لیاقت بلوچ

مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل

فریقین نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دے دیا، زرعی شعبے اور 1000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق

حکمران اپنی مراعات چھوڑنے پر آمادہ نہیں، آئل ریفائنریوں کو بے تحاشا منافع کمانے کے مواقع دیے گئے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قائم مقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔ یہ مذاکرات کا حتمی راؤنڈ تھا، جس میں چار بنیادی نکات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

ریلوے میں اصلاحاتی اقدامات، 40 ارب سے زائد مالیت کے کیس نیب کو بھیج دیئے گئے

اس وقت ریلویز کے کمرشل اثاثے، اربوں کی جائیدادیں قبضوں، کم قیمت لیز اور مالی بے ضابطگیوں کی زد میں ہیں

34 ہزار سے زائد کمرشل یونٹس سے 13 ارب آمدن، 2355 یونٹس پر ناجائز قبضہ، آڈٹس رپورٹس پارلیمنٹ میں پیش

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان ریلویز کے کمرشل اثاثے، اربوں کی جائیدادیں قبضوں، کم قیمت لیز اور مالی بے ضابطگیوں کی زد میں، 34 ہزار سے زائد کمرشل یونٹس سے 13 ارب آمدن، 2355 یونٹس پر ناجائز قبضہ، 40 ارب سے زائد مالیت کے کیس نیب کو ریفر، اصلاحاتی اقدامات جاری ہیں۔ پاکستان ریلوے کے کمرشل اثاثے ایک طرف قومی ادارے کیلئے اربوں روپے کی آمدن کا ذریعہ بن رہے ہیں تو دوسری جانب آڈٹ رپورٹس، سرکاری دستاویزات اور پارلیمنٹ میں پیش کیے گئے اعداد وشمار قبضوں، کم قیمت لیز، واجبات کی عدم وصولی اور مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کر رہے ہیں جس سے ریلوے کو ہر سال اربوں روپے کے ممکنہ نقصان کا سامنا ہے۔ منسٹری آف ریلویز کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان ریلوے کے پاس ملک بھر میں 34 ہزار 763 کمرشل یونٹس موجود ہیں جن میں دکانیں، گودام، دفاتر،

باقی صفحہ 3 بقیہ 4



ملتان: وزیر اعلیٰ کی معاون خصوصی عظمیٰ کاردار انسداد مہم سے متعلق پریس کانفرنس کر رہی ہیں۔

مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے فضل الرحمن نے لیبیا سے فراڈ کے نام پر پیسے لیے، ثمر بلور

اہم دستاویزات منظر عام پر آگئیں، پیسہ لیبیا کا لگا، جائیداد کی ملکیت فضل الرحمٰن کے نام پر سامنے آرہی ہے

تجاوزات کے خاتمے، سرکاری اراضی کی واگزاری کیلئے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے، مشیر اطلاعات کے پی

پشاور (وائس آف ایشیا) مشیر اطلاعات کے پی ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ فضل الرحمن نے مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے لیبیا سے فراڈ کے نام پر پیسے لیے، اپنے بیان میں ثمر ہارون بلور نے کہا رنگ روڈ پر قائم مفتی محمود مرکز کی اہم دستاویزات منظر عام پر آئیں، مرکز کی تعمیر کیلئے فضل الرحمن نے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لیے۔ لیبیا کا پیسہ لگا لیکن جائیداد کی ملکیت فضل الرحمن کے نام پر سامنے آرہی، مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری رائٹ آف وے کی اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہے، 2019 کے نوٹس کے باوجود مفتی محمود مرکز کی تجاوزات برقرار رہیں، مئی 2026 میں بھی مفتی محمود مرکز کی انتظامیہ کو

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



اسحاق ڈار سے لیاقت بلوچ کی سربراہی میں جماعت اسلامی کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا اعزاز: دبئی ورلڈ پولیس سمٹ ایوارڈز کی 3 مختلف کیٹیگریز میں ٹاپ فائیو میں شامل

60 سے زائد ممالک سے موصول 700 سے زائد نامزدگیوں میں عالمی سطح پر منتخب ہونا پاکستان اور پنجاب کیلئے بڑا اعزاز

خصوصی افراد کی غیر معمولی پیشہ ورانہ کارکردگی کے اعتراف میں تین بین الاقوامی ایوارڈ کیٹیگریز کیلئے شارٹ لسٹ کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے عالمی سطح پر ایک اور نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے دبئی ورلڈ پولیس سمٹ ایوارڈز 2026 کی تین مختلف کیٹیگریز میں ٹاپ فائیو کیلئے جگہ بنالی ہے۔ دنیا بھر کے 60 سے زائد ممالک سے موصول ہونے والی 700 سے زائد نامزدگیوں میں پنجاب سیف سٹی کے تین منصوبوں اور نمائندوں کا عالمی سطح پر منتخب ہونا پاکستان اور پنجاب کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کو جدید فرانزک ٹیکنالوجی، عوامی خدمات اور خصوصی افراد کی غیر معمولی پیشہ ورانہ کارکردگی کے اعتراف میں تین بین الاقوامی ایوارڈ کیٹیگریز کیلئے شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ یہ کامیابی عالمی سطح پر جدید پولیسنگ، ٹیکنالوجی کے موثر استعمال اور انسان دوست خدمات کے میدان میں پنجاب سیف سٹی کی بڑھتی ہوئی شناخت کا واضح ثبوت ہے۔ پنجاب سیف سٹی کا

باقی صفحہ 3 بقیہ 1

جعلی، غیر معیاری زرعی ادویات کے خلاف کریک ڈاؤن: ایک سال میں 470 مقدمات، 363 چھاپے، 239 افراد گرفتار

17 کروڑ سے زائد کی ایک لاکھ 45 ہزار 532 کلو اور لیٹر سے زائد زرعی ادویات قبضے میں لی گئیں، محکمہ زراعت رپورٹ

دوسری طرف کاشتکاروں کو معاوضہ ادائیگی، کمپنیوں اور ڈیلرز کے لائسنس کی منسوخی بارے تازہ اعداد وشمار واضح نہ ہوسکے

لاہور (نمائندہ خصوصی) محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز کی جانب سے جعلی، ملاوٹ شدہ اور غیر معیاری زرعی ادویات تیار اور فروخت کرنے والی کمپنیوں، فیکٹریوں اور ڈیلرز کے خلاف کارروائیوں کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ محکمہ زراعت کی سالانہ رپورٹ 2024-25 کے مطابق صوبے بھر میں جعلی اور غیر معیاری زرعی ادویات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 470 مقدمات درج کیے گئے، 363 چھاپے مارے گئے جبکہ 239 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 45 ہزار 532 کلوگرام اور لیٹر سے زائد زرعی ادویات قبضے میں لی گئیں جن کی مالیت 17 کروڑ 42 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ زراعت کی ٹیموں نے مختلف علاقوں سے زرعی ادویات کے 5 ہزار 217 نمونے حاصل کرکے لیبارٹری تجزیے کیلئے

باقی صفحہ 3 بقیہ 2



ستاروں کی دنیا

’پائریٹس آف دی کیریبین 6‘ میں جانی ڈیپ کی واپسی سے متعلق بڑی خبر

ابھی تک فلم کی کاسٹ اور ریلیز کی تاریخ کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا

نیو یارک(وائس آف ایشیا)ہالی ووڈ کی مشہور فلم سیریز ’پائریٹس آف دی کیریبین‘ کے مداحوں کے لیے اچھی خبر آگئی۔جانی ڈیپ نے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ وہ فلم سیریز کو ایک بہتر اور یادگار اختتام دینے کے لیے واپسی پر غور کر سکتے ہیں۔اداکار کے مطابق اگر فلم کی کہانی اور اختتام ان کی توقعات کے مطابق ہوئے تو وہ دوبارہ جیک اسپیرو بننے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے فلم کے پروڈیوسر جیری بروکھائمر کے ساتھ دوبارہ کام کرنے کی خواہش بھی ظاہر کی۔پروڈیوسر جیری بروکھائمر پہلے ہی تصدیق کر چکے ہیں کہ جانی ڈیپ سے بات چیت جاری ہے اور فلم کے اسکرپٹ پر کام ہو رہا ہے۔تاہم ابھی تک فلم کی کاسٹ اور ریلیز کی تاریخ کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا۔واضح رہے کہ اداکار کی سابق اہلیہ ایمبر ہرڈ کے ساتھ قانونی تنازع کے بعد ان کی فلم سیریز میں واپسی غیر یقینی ہو گئی تھی۔ وہ ماضی میں دوبارہ یہ کردار ادا کرنے سے انکار کر چکے تھے، تاہم ان کے تازہ بیان نے مداحوں کی امیدیں بڑھا دی ہیں۔



حمیرا ارشد کے سعودی عرب میں تین کامیاب شوز

ان شوز میں گلوکارہ حمیرا ارشد کے ساتھ گلوکار ذیشان روکھڑی نے بھی پرفارم کیا

لاہور(وائس آف ایشیا)معروف گلوکارہ حمیرا ارشد نے سعودی عرب کے شہروں دمام، ریاض اور جدہ میں تین کامیاب میوزیکل شوز پیش کیے، جن میں پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ان شوز میں گلوکارہ حمیرا ارشد کے ساتھ گلوکار ذیشان روکھڑی نے بھی پرفارم کیا اور اپنی آواز کا جادو جگایا۔ تینوں شہروں میں پاکستانی شائقین کی بھرپور شرکت نے تقریبات کو یادگار بنا دیا۔ حمیرا ارشد کی پرفارمنس کو شرکا ء نے خوب سراہا اور موسیقی سے بھرپور ان محافل میں پاکستانی فنکاروں سے اپنی وابستگی کا اظہار کیا۔





فلم ’’کنگ‘‘ 24دسمبر 2026 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

ان تمام معاہدوں کو ملا کر فلم کا مجموعی پری ریلیز بزنس 665 کروڑ بھارتی روپے تک پہنچ گیا ہے

ممبئی(وائس آف ایشیا)بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کی آنے والی فلم کنگ نے سینما گھروں میں ریلیز سے قبل ہی مختلف کاروباری معاہدوں کے ذریعے مبینہ طور پر 665 کروڑ بھارتی روپے کا پری ریلیز بزنس کرلیا ہے، تاہم فلم کو سرمایہ کاری کے اہداف پورے کرنے کے لیے باکس آفس پر بھاری کمائی کرنا ہوگی۔ہدایت کار سدھارتھ آنند کی یہ فلم 24دسمبر 2026 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ بھارتی ویب سائٹ پنک ولا کی رپورٹ کے مطابق فلم کے بیرون ملک ڈسٹری بیوشن حقوق فارس فلمز نے 175 کروڑ روپے کی کم از کم گارنٹی پر حاصل کیے ہیں، جبکہ بھارت میں ڈسٹری بیوشن حقوق پین مرودھر کو 250 کروڑ روپے میں فروخت کیے گئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق نیٹ فلکس نے فلم کے ڈیجیٹل حقوق 150 کروڑ روپے میں خریدے ہیں، جبکہ سیٹلائٹ حقوق سے 25 کروڑ اور میوزک حقوق سے 65 کروڑ روپے حاصل ہوئے ہیں۔ان تمام معاہدوں کو ملا کر فلم کا مجموعی پری ریلیز بزنس 665 کروڑ بھارتی روپے تک پہنچ گیا ہے۔ تاہم اسٹریمنگ معاہدے کی حتمی رقم فلم کی سینما گھروں میں کارکردگی سے مشروط ہوسکتی ہے۔فلم کے بجٹ سے متعلق رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ابتدائی طور پر اس کی پروڈکشن لاگت 300 کروڑ روپے تھی، جو بڑھ کر تقریباً 400 کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ مارکیٹنگ اور تشہیر پر مزید 50 کروڑ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ ہے، جبکہ شاہ رخ خان کی فیس سمیت فلم کی مجموعی لاگت تقریباً 550 کروڑ روپے تک پہنچنے کی توقع ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پروڈیوسرز اور ڈسٹری بیوٹرز کے مالی اہداف پورے کرنے کے لیے فلم کو دنیا بھر کے باکس آفس سے کم از کم 800 کروڑ روپے کمانا ہوں گے۔واضح رہے کہ کنگ شاہ رخ خان اور ہدایت کار سدھارتھ آنند کا 2023 کی بلاک بسٹر فلم پٹھان کے بعد دوسرا بڑا اشتراک ہے۔ یہ فلم ڈنکی کے بعد تین سال سے زائد عرصے میں شاہ رخ خان کی پہلی سینما ریلیز بھی ہوگی۔

مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14ویں برسی (آج) منائی جائے گی

سکندر صنم 5نومبر 2012 کو کراچی میں جگر کے کینسر کے باعث انتقال کر گئے تھے



لاہور(وائس آف ایشیا)ماضی کی نامور مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14ویں برسی آج(جمعرات) 5نومبر کو منائی جائے گی۔ سکندر صنم کا اصل نام محمد سکندر تھا اور انہوں نے اپنی منفرد مزاحیہ اداکاری، برجستہ جملوں اور نقل اتارنے کی صلاحیت کے باعث شوبز میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ انہوں نے اسٹیج ڈراموں سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا اور عمر شریف سمیت نامور فنکاروں کے ساتھ بھی کام کیا۔ انہیں بھارتی فلموں کی مزاحیہ پیروڈی پیش کرنے سے خصوصی شہرت ملی، خصوصاً فلم تیرے نام کی پیروڈی نے انہیں ملک بھر میں مقبولیت دلائی۔ ان کی کامیڈی میں بے ساختہ انداز، منفرد کردار نگاری اور حاضرین کو محظوظ کرنے کی بھرپور صلاحیت نمایاں تھی۔ سکندر صنم نے اسٹیج کے ساتھ ٹیلی ویژن اور ویڈیو فلموں میں بھی اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ سکندر صنم 5نومبر 2012 کو کراچی میں جگر کے کینسر کے باعث انتقال کر گئے تھے۔

شوبز میں اپنی پرورش خود کی ہے ، عالیہ علی

پہلی دفعہ کیمرے کے سامنے آئی تو آواز کانپ رہی تھی

لاہور(وائس آف ایشیا) نامور اداکارہ عالیہ علی نے کہا ہے کہ ابھی مجھے اپنے فنی سفر میں بہت سی منزلیں طے کرنی ہیں، میں ان ان فنکاروں میں شامل ہوں جنہوں نے شوبز کی دنیا میں اپنی پہچان اور مقام خود بنایا ہے، انہیں کسی کی سرپرستی یا رہنمائی حاصل نہیں رہی۔ ایک انٹر ویو میں انہوں نے کہا کہ فنکار پیدائشی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور ان کی شخصیت میں بچپن ہی سے کچھ منفرد خصوصیات دکھائی دیتی ہیں۔ اداکاروں کے لیے فنی سفر کبھی ختم نہیں ہوتا اور وہ زندگی کے آخری وقت تک اپنے فن سے وابستہ رہتے ہیں، ایک فنکار جتنے بھی کردار ادا کر لے، اسے ہمیشہ محسوس ہوتا ہے کہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ عالیہ علی نے اپنے ابتدائی تجربے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جب پہلی مرتبہ اداکاری کی تو میری آواز کانپ رہی تھی اور وہ ٹھیک سے کھڑی بھی نہیں ہو پا رہی تھیں، تاہم مسلسل محنت اور عزم نے انہیں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا،میں نے شوبز میں اپنی پرورش خود کی ہے ۔

سینئر اداکارہ زیبا بختیار نے زندگی کی 62بہاریں دیکھ لیں

زیبا بختیار نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز پاکستان ٹیلی وژن کے مقبول ڈرامہ سیریل انارکلی سے کیا

لاہور(وائس آف ایشیا)سینئر اداکارہ زیبا بختیار آج (جمعرات) 5نومبر کو اپنی62ویں سالگرہ منائیں گی۔ زیبا بختیار نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز پاکستان ٹیلی وژن کے مقبول ڈرامہ سیریل انارکلی سے کیا جس میں ان کی جاندار اداکاری نے انہیں شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا۔ بعدازاں انہوں نے بھارتی فلم حنا میں مرکزی کردار ادا کرکے اپنی پہچان بنائی۔ انہوں نے متعدد پاکستانی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ۔ زیبا بختیار اداکاری کے ساتھ فلمسازی اور ہدایتکاری کے شعبوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر چکی ہیں۔زیبا بختیار اپنے اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی۔



فلم ’’ریڈ لائن ‘‘کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہا ہوں،غلام محی الدین

طے شدہ بجٹ سے زیادہ اخراجات آئے ہیں تاہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا

لاہور(وائس آف ایشیا)سینئر اداکار غلام محی الدین نے کہا ہے کہ بطور پروڈیوسر اور ہدایتکار اپنی نئی فلم ’’ریڈ لائن ‘‘کو بہترین انداز میں پیش کرنے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہا ہوں،فلم کے ہر منظر پر خصوصی محنت کی ہے،فلم کی تیاری میں طے شدہ بجٹ سے زیادہ اخراجات آئے ہیں تاہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ ایک انٹر ویو میں غلام محی الدین نے کہا کہ بطور ہدایتکار فلم بناتے ہوئے مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، خصوصاً فلم کے لیے موزوں مقامات کے انتخاب پر خصوصی توجہ دینا پڑی اور ہر لوکیشن کا انتخاب سوچ سمجھ کر کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کی محنت فلم بینوں کو ضرور پسند آئے گی اور ریڈ لائن ریلیز کے بعد شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگی۔فلم میں نئے ٹیلنٹ کو بھی اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کیا ہے اور میری یہ کاوش ضرور کامیاب ہوگی۔



بالوں کا انسان کی پر کشش شخصیت میں نمایاں کردار ہوتا ہے ، ہنی البیلا

دوست کے مشورے پر بال لگوائے ہیں،شخصیت میں واضح بہتری آئی ، کامیڈین اداکار



لاہور(وائس آف ایشیا)کامیڈین اداکار ہنی البیلا نے کہا ہے کہ بالوں کا انسانوں کی پر کشش شخصیت میں نمایاں کردار ہوتا ہے ،دوست کے مشورے پر بال لگوائے جس کے بعد شخصیت میں واضح بہتری آئی ہے اور اب اپنی عمر سے 20سال چھوٹے دکھائی دیتا ہوں۔ایک انٹر ویو میں ہنی البیلا نے کہا کہ جن افراد کے سر کے بال کم یا ختم ہو چکے ہیں انہیں اپنی شخصیت میں نکھار لانے کے لیے بال لگوانے کے آپشن پر غور کرنا چاہیے کیونکہ بال آپ کی شخصیت میں پر کشش ہونے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔




کھیل کھلاڑی

چیئرمین پی سی بی نے ہر فرد کو کام کرنے کا مکمل اختیار دیا ہے،یاسر عرفات

نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ ،عاقب جاوید نے اکیڈمی امور، جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی

لاہور (وائس آف ایشیا)قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی یاسر عرفات نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں گراؤنڈز کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے نمایاں کام ہوا ہے، یہ خوش آئند ہے چیئرمین پی سی بی نے ہر فرد کو کام کرنے کا مکمل اختیار دیا ہوا ہے۔تفصیلات کے مطابق سابق ٹیسٹ کرکٹر اور آل راؤنڈر یاسر عرفات نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ کیا جہاں ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انہیں اکیڈمی کے امور، جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر یاسر عرفات نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ہونے والی تبدیلیوں اور وسیع پیمانے پر جاری ترقیاتی کاموں کو سراہتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔سابق آل راؤنڈر نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے کرکٹ کی ترقی کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے اور انہیں بھرپور تعاون فراہم کرنے کے اقدامات کی بھی تعریف کی۔یاسر عرفات نے پی سی بی ہائی پرفارمنس سے منسلک ملک بھر کے ہائی پرفارمنس کوچز کی کارکردگی اور طریقہ کار میں بھی خصوصی دلچسپی ظاہر کی۔اس موقع پر ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے بتایا کہ تمام ہائی پرفارمنس کوچز کے طریقہ کار اور کوچنگ اسٹائل کا جائزہ لیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب ملک بھر میں گراس روٹ لیول پر کام کرنے والے کوچز کی سرگرمیوں اور کارکردگی کی تفصیلات پی سی بی کے ایتھلیٹ مینجمنٹ پورٹل پر دستیاب ہوتی ہیں۔عاقب جاوید کے مطابق پی سی بی کے ہائی پرفارمنس پروگرام کے تحت تمام لیول تھری کوچز کے لیے مزید تربیتی کورسز بھی متعارف کروائے جائیں گے تاکہ ملک میں کوچنگ کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔



علامہ اقبال سائیکل ریس مقابلے 9 نومبر کو ہونگے

ایک روزہ مقابلوں کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) راولپنڈی ڈویژنل سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے زیر علامہ اقبال سائیکل ریس مقابلے 9 نومبر کو صبح نو بجے واہ کینٹ، راولپنڈی میں ہوگی۔ راولپنڈی ڈویژنل سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری سردار نزاکت علی نے بتایا کہ ایک روزہ مقابلوں کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ مقابلوں میں پانچ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز ایلیٹ پروفیشنل،، ویمنز ایلیٹ پروفیشنل، بوائز انڈر-16 پروفیشنل،بوائز انڈر-16 ایچر اور ویمنز ایچر کے مقابلے شامل ہیں۔بوائز انڈر-16 کے مقابلوں میں 2011 اور اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی ایونٹ میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں کیش ایوارڈ اور ٹرافیاں تقسیم کیں جائیں گے ۔



سری لنکا کیخلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کیلئے فاسٹ پچز تیار کرنے کا فیصلہ

پہلا میچ 9 نومبر کو راولپنڈی میں شروع ہوگا،دوسرا ٹیسٹ 17 نومبر سے لاہور میں شیڈول ہے،رپورٹ

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سری لنکا کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کے لیے فاسٹ پچز تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا۔تفصیلات کے مطابق ٹرائنگولر ون ڈے سیریز میں فتح کے بعد پاکستانی ٹیم کا اگلا امتحان اب سری لنکا سے ٹیسٹ سیریز ہے،پہلا میچ 9 نومبر کو راولپنڈی میں شروع ہوگا ،دوسرا ٹیسٹ 17 نومبر سے لاہور میں شیڈول ہے۔2026 ختم ہونے والا ہے اور حیران کن طور پر نومبر میں پاکستانی ٹیم ہوم گراؤنڈز پر پہلا ٹیسٹ کھیلے گی۔بیرون ملک تین سیریز کے 7 میچز میں واحد فتح ویسٹ انڈیز میں ملی تھی، اس ٹور کا آغاز شکست کے ساتھ ہی ہوا تھا، اس سے قبل بنگلادیش میں دونوں ٹیسٹ گنوائے جبکہ آخری سیریز میں انگلینڈ نے 0-3 سے مات دی تھی۔ذرائع نے بتایا کہ تھنک ٹینک نے اب ملک میں جاندار پچز بنانے پر اتفاق کر لیا ہے تاکہ بیرون ملک جد و جہد کا سلسلہ ختم ہو۔کوچ مائیک ہیسن نے سری لنکا سے دونوں ٹیسٹ میچز کیلئے فاسٹ ٹریکس بنانے کی ہدایت جاری کر دی، گراؤنڈز مین کوشش کر رہے ہیں کہ ایسی پچز بنائیں جہاں پیسرز کو مدد ملے۔




پاکستانی خاتون باکسر عابدہ بتول نے ورلڈ باکسنگ چیمپئن بن کر ثابت کر دیا کہ خواتین میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، حاجی نواب خان

پاکستانی خواتین کو بین الاقوامی سطح کی سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ بین الاقوامی سطح پر ہر میدان میں اپنا لوہا منوا سکتی ہیں

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سرپرست و سابق رکن تحصیل کونسل سوات حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ پاکستانی خاتون باکسر عابدہ بتول نے ورلڈ باکسنگ چیمپئن بن کر ثابت کر دیا کہ پاکستانی خواتین میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی خواتین کو بین الاقوامی سطح کی سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ بین الاقوامی سطح پر ہر میدان میں اپنا لوہا منوا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نوجوان نسل کو مختلف معاشرتی برائیوں سے محفوظ رکھنے اور بچانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ طلباء و طالبات تعلیم کے ساتھ، ساتھ کھیلوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ حاجی نواب خان نے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی 26 سالہ عابدہ بتول کو پہلی پاکستانی ورلڈ باکسنگ چیمپئن بننے پر مبارک باد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی بین الاقوامی سطح پر ملک و قوم کا نام روشن کریں گی۔



پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام نیشنل تھرو بال اکیڈمی کا افتتاح 9 نومبر کو کراچی میں ہوگا



کراچی (وائس آف ایشیا) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام نیشنل تھرو بال اکیڈمی کا افتتاح 9 نومبر کو سپورٹس اون کلفٹن کراچی میں ہوگا۔پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ نیشنل اکیڈمی میں کوالیفائیڈ مرد اور خواتین کوچز کھلاڑیوں کو ہفتہ میں تین دن (پیر، منگل اور بدھ) جدید اور اعلیٰ تربیت دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اکیڈمی کا مقصد گراس روٹ سطح پر تھرو بال کے زیادہ سے زیادہ کھلاڑی پیدا کرنے ہیں۔

پاکستانی کوچ طاہر اقبال 23 ویں ایشین ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں مردوں کا ٹائٹل جیتنے کیلئے پر عزم

پاکستانی ٹیم کے کھلاڑیوں نور زمان، اصف خان اور ناصر اقبال نے پہلے روز ازبکستان کی ٹیم کو 0-3 سے شکست دے کر جیت کا آغاز کر دیا ہے

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) مردوں کی قومی سکواش ٹیم کے کوچ طاہر اقبال 23 ویں ایشین ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں مردوں کی ٹیم کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی پر ٹائٹل جیتنے کے لئے پر عزم ہیں۔ مصحف سکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں جاری چیمپئن شپ کے دوران قومی ٹیم کی کارکردگی کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طاہر اقبال نے کہاکہ پاکستانی ٹیم کے کھلاڑیوں نور زمان، اصف خان اور ناصر اقبال نے پہلے روز ازبکستان کی ٹیم کو 0-3 سے شکست دے کر جیت کا آغاز کر دیا ہے۔چیمپئن شپ میں چھ ممالک کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جن میں پاکستان، ہانگ کانگ، ملائیشیا، کوریا، ایران اور ازبکستان کے کھلاڑی شامل ہیں۔ پاکستان مردوں کی ٹیم میں نور زمان، محمد اشہب عرفان، محمد عاصم خان اور ناصر اقبال شامل ہیں جبکہ پاکستانی خواتین ٹیم میں ثناء بہادر، مہوش علی، ماہ نور علی اور سحرش علی شامل ہیں اور سعدیہ گل خواتین ٹیم کے کوچنگ کے فرائض انجام دے رہی ہیں سعدیہ گل نے کہاکہ خواتین کھلاڑیوں نے تربیتی کیمپ میں بھرپور محنت کر رکھی ہے اور امید ہے کہ یہ خواتین کھلاڑی چیمپئن شپ میں ملک و قوم کا نام روشن کریں گی۔ چیمپئن شپ کے 7 نومبر کو فائنل مقابلے کھیلے جائیں گے۔



چیئرمین پی سی بی کی آئی ایم سی اوور 40 کرکٹ ورلڈکپ جیتنے پر پاکستان ٹیم کو مبارکباد


ٹورنامنٹ میں 15عالمی ٹیموں کی موجودگی کے باوجود پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی دکھائی، محسن نقوی



لاہور (وائس آف ایشیا)چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے گیانا میں آئی ایم سی اوور 40 کرکٹ ورلڈ کپ جیتنے پر پاکستان ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ گیانا کے میدان میں ورلڈکپ جیتنا پاکستان کے لیے ایک اعزاز ہے، قومی ٹیم نے فائنل میں آسٹریلیا کو شکست دے کر پاکستان کا نام روشن کیا۔انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں 15عالمی ٹیموں کی موجودگی کے باوجود پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی دکھائی۔چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ پاکستان میں ویٹرنز کرکٹ کے فروغ اور اس شاندار کامیابی پر فواد اعجاز خان اور پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

آل کراچی کیماڑی فٹ بال ٹورنامنٹ میں لیاری بلوچ کلب اور بلوچ یوتھ ملیر کلب نے اگلے راؤنڈ میں جگہ بنالی

کراچی (وائس آف ایشیا) آزاد شاہین فٹ بال کلب کے زیر اہتمام جاری آل کراچی کیماڑی فٹ بال ٹورنامنٹ میں آل کراچی کیماڑی فٹ بال ٹورنامنٹ میں لیاری بلوچ کلب اور بلوچ یوتھ ملیر کلب نے اگلے راؤنڈ میں جگہ بنالی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری و آزاد شاہین فٹ بال کلب کے اسلام الدین اور آزاد شاہین فٹ بال کلب کے سیکرٹری محمد نواب کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ آزاد شاہین بنارس فٹ بال گراؤنڈ میں جاری ٹورنامنٹ میں لیاری بلوچ کلب نے شکیل بلگرامی کو ایک یک طرفہ مقابلے کے بعد 0-8 گول سے اور دوسرے میچ میں بلوچ یوتھ ملیر کلب ایلیٹ کلب کو 1-4 گول سے شکست دے کر اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا ہے ۔



خواجہ حبیب الرحمٰن کو پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں کلین سویپ کرنے پر مبارک باد

حاجی محمد طفیل ٹیپو، چوہدری خالد ابراہیم، محمد ابراہیم اور محمد آصف کی جانب سے مبارک باد پیش کی

لاہور۔ خواجہ حبیب الرحمٰن کو اٹھارہ سال بعد ہونے والے پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں کلین سویپ کرنے پر اور سینئر وائس چیئرمین پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن بننے پر اور خواجہ ضیاالرحمٰن اور خواجہ حبیب الرحمٰن کو ایگزیکٹیو ممبر FPCCI بننے پر حاجی محمد طفیل ٹیپو (وائس چیئرمین، وائس آف ایشیا میڈیا گروپ / انٹرنیشنل نیوز نیٹ ورک)، چوہدری خالد ابراہیم، محمد ابراہیم (ایگزیکٹو حسن اسٹیٹ اینڈ بلڈرز) اور محمد آصف کی جانب سے مبارک باد پیش کی۔



چنیوٹ، دوسری سالانہ ختم نبوت وحیات سفیر ختم نبوت کانفرنس کی تیاریاں شروع

اس موقع پر سنی گارڈز کے وہ عظیم قائدین جو وفات پا چکے ہیں ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی



چنیوٹ (رانا شہزاد اقبال سے) دوسری سالانہ ختم نبوت وحیات سفیر ختم نبوت کانفرنس کی تیاریاں شروع۔ یہ کانفرنس بمقام لائبریری پبلک پارک چنیوٹ مورخہ 17 نومبر 2026 بروز منگل کو منعقد ہو گی جو بعد نماز عصر تا گئے رات جاری رہے گی، اس سلسلے میں جامع مسجد صدیق اکبر چنیوٹ میں اجلاس منعقد ہوا سنی گارڈز کے قدیمی رفقا، نوجوانان ختم نبوت اور رضا کاروں کے اجلاس میں کانفرنس کی تیاری کے بارے میں تفصیلی گفتگو ہوئی تمام حضرات نے کانفرنس کے انتظامات میں تعاون کرنے کا مکمل یقین کرایا اس موقع پر سنی گارڈز کے وہ عظیم قائدین جو وفات پا چکے ہیں ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی ان کے صاحبزادگان نے اپنے والدین کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بنائی ہوئی سنی گارڈز تنظیم کو فعال کرنے اور اپنے والدین کی جگہ کو پر کرنے کا عزم کیا، اجلاس میں مولانا محمد الیاس چنیوٹی، رانا شہزاد اقبال ٹیپو، مہر وقار خان، شیخ افتخار فخری سابق ضلعی ممبر، حاجی محمد نعیم فخری، چودھوین نثار الحق مسکین چودھری عبد الجبار، چودھری محمد سرور، خان محمد عمر، حافظ محمد رفیق ساعاتی، ملک اعجاز احمد، چودھری محمد یوسف، چودھری ساجد شاہدین، چودھری اسد لطیف، محمد ابوبکر، محمد عثمان ٹی سٹال والے مولانا محمد ضیاء الحق، مولانا ملک طاہر حسین، قاری محمد عثمان تو تانوالہ مولوی جنید عمر، مہر الطاف سیال چودھری بدر عالم نثار اور دیگر حضرات اور جامع مسجد صدیق اکبر کی انتظامیہ نے بھرپور شرکت کی۔

ٹین ایج میں تھائیرائیڈ کے مسائل اور ان کا حل



ازقلم: ڈاکٹر نازیہ ندیم

نوعمری انسان کی زندگی کا وہ نازک ترین موڑ ہے جہاں جسمانی ساخت سے لے کر ذہنی اور جذباتی رویوں تک ہر چیز میں تیزی سے تبدیلیاں رونما ہو رہی ہوتی ہیں۔ اس سنِ بلوغت کے دوران ہارمونز کا ایک طوفان بپا ہوتا ہے جو انسان کی پوری طبعی اور نفسیاتی کیفیت کو متاثر کرتا ہے۔ ان تمام ہارمونل نظاموں کے پسِ پردہ گردن کے نچلے حصے میں واقع تتلی کی شکل کا ایک چھوٹا سا غدود کلیدی کردار ادا کرتا ہے جسے تھائرائیڈ گلینڈ کہا جاتا ہے۔ یہ غدود ہمارے جسم کا اصل تھرموسٹیٹ ہے جو میٹابولزم یعنی غذا کو توانائی میں بدلنے کے عمل کو کنٹرول کرتا ہے۔ لیکن جب اس نازک دور میں ہارمونز کی اتھل پتھل کی وجہ سے یہ توازن بگڑتا ہے تو یہ غدود یا تو ضرورت سے زیادہ کام کرنے لگتا ہے جسے ہائپر تھائرائیڈزم کہتے ہیں، یا پھر انتہائی سست پڑ جاتا ہے جسے ہائپو تھائرائیڈزم کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ بیماریاں صرف جسمانی رفتار کو ہی متاثر نہیں کرتی بلکہ نوعمر بچوں کی پوری شخصیت، پڑھائی اور روزمرہ کے معمولات کو تہہ و بالا کر کے رکھ دیتی ہیں۔

جب یہ غدود سست پڑ جاتا ہے تو اس کا براہِ راست اثر جسم کی رفتار پر ہوتا ہے۔ میٹابولزم سست ہونے کی وجہ سے بچے کا وزن تیزی سے بڑھنے لگتا ہے، اسے ہر وقت شدید تھکاوٹ اور غنودگی محسوس ہوتی ہے، سردی زیادہ لگتی ہے، بال تیزی سے جھڑنے لگتے ہیں اور پڑھائی میں توجہ مرکوز کرنا انتہائی دشوار ہو جاتا ہے۔ بدقسمتی سے اس کیفیت کو گھر والے یا اساتذہ بچے کی محض سستی، کاہلی یا لاپرواہی سمجھ بیٹھتے ہیں، حالانکہ وہ بچہ اندر سے ایک خاموش بیماری کے خلاف جنگ لڑ رہا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس جب تھائرائیڈ غدود حد سے زیادہ فعال ہو جاتا ہے تو جسم کی رفتار بے قابو ہو جاتی ہے۔ اس حالت میں وزن تیزی سے گرتا ہے، دل کی دھڑکن ہر وقت تیز رہتی ہے، ہاتھ ہلکے ہلکے کانپتے ہیں اور بچہ شدید گھبراہٹ، بے چینی اور بات بات پر غصے کی حالت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس نوعیت کے مسائل کا اثر براہِ راست دماغی کیمسٹری پر پڑتا ہے، جس سے بچہ بلاوجہ ڈپریشن اور چڑچڑے پن کا شکار ہو جاتا ہے۔

اس سنگین ہارمونل عارضے میں مبتلا نوعمر بچوں کے لیے احتیاطی تدابیر اور عملی اقدامات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ سب سے پہلی اور بنیادی احتیاط یہ ہے کہ والدین اور اساتذہ بچوں کے رویے میں ان ناگوار اور اچانک تبدیلیوں کو محض جوانی کی سرکشی یا بدتمیزی سمجھ کر نظر انداز نہ کریں، بلکہ فوری طور پر خون کا ایک سادہ سا ٹیسٹ یعنی ٹی ایس ایچ ٹیسٹ کروائیں تاکہ اصل بیماری کی تشخیص ہو سکے۔ علاج کے ساتھ ساتھ گھریلو ماحول کو پرسکون اور تعلیمی دباؤ سے پاک رکھنا ضروری ہے تاکہ بچہ ذہنی سکون محسوس کر سکے۔ خوراک کے معاملے میں بھی خاص احتیاط برتنی چاہیے؛ ہائپو تھائرائیڈزم کی صورت میں میٹابولزم کو متحرک رکھنے والی متوازن غذا دی جائے اور بازاری یا فاسٹ فوڈ سے پرہیز کیا جائے، جبکہ کیفین والی چیزیں جیسے چائے، کافی اور کولڈ ڈرنکس بچوں کی گھبراہٹ کو مزید بڑھاتی ہیں اس لیے ان سے مکمل اجتناب برتا جائے۔ اس کے علاوہ ہلکی پھلکی واک، ورزش اور مناسب نیند کو اپنے روزمرہ کے معمولات کا حصہ بنا کر اس بیماری کے اثرات کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ بروقت طبی امداد، مناسب ادویات اور گھریلو سطح پر شفقت و محبت بھرے رویے سے اس غدود کے افعال کو مکمل طور پر درست کیا جا سکتا ہے، جس سے بچے کی جسمانی اور ذہنی صحت دونوں بحال ہو جاتی ہیں اور وہ ایک روشن مستقبل کی طرف قدم بڑھا سکتا ہے۔

ایمان کمزور کیوں؟۔۔۔۔۔۔ازقلم: فری خان



اس نے موبائل پر اذان کی آواز سنی، ایک لمحے کے لیے اس کی انگلیاں رکیں، پھر اسکرین پر چلتی ویڈیو نے اسے دوبارہ اپنی طرف متوجہ کر لیا۔ نماز کا وقت گزر گیا، مگر اسے احساس تک نہ ہوا۔ عجیب بات تھی، کبھی یہی اذان اس کے دل کو بے چین کر دیتی تھی اور آج وہ اسے پس منظر کی ایک عام آواز سمجھ کر نظر انداز کر رہی تھی۔

رات کو اس کی نظر ایک خبر پر پڑی۔ کسی غریب کے ساتھ ناانصافی ہوئی تھی۔ اس نے افسوس کا اظہار کیا، چند جملے لکھے اور آگے بڑھ گئی۔ کچھ دیر بعد اپنی ایک سہیلی کی خوشی دیکھی تو دل میں حسد کی ہلکی سی لہر اٹھ گئی۔ اس نے مسکرا کر مبارک باد تو دے دی، مگر اندر سے خوش نہ ہو سکی وہ سوچنے لگی، آخر میرے اندر یہ تبدیلی کیوں آ رہی ہے؟

کبھی وہ کسی کا دل دکھا دیتی تو رات بھر نیند نہیں آتی تھی۔ اب کسی کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر بھی اسے اپنی غلطی کا احساس نہیں ہوتا تھا۔ کبھی دعا مانگتے ہوئے آنکھیں بھیگ جاتی تھیں، اب ہاتھ اٹھتے تو تھے مگر دل کہیں اور بھٹک رہا ہوتا تھا۔

ایک روز اس کی ملاقات ایک بزرگ خاتون سے ہوئی۔ باتوں باتوں میں اس نے پوچھ لیا، اماں! ایمان کمزور کیوں ہو جاتا ہے؟

خاتون نے کچھ دیر اسے دیکھا، پھر بولیں، بیٹی! جب انسان دنیا کی ہر آواز سننے لگے اور اپنے ضمیر کی آواز سننا چھوڑ دے، جب اسے دوسروں کے عیب بڑے اور اپنے گناہ چھوٹے دکھائی دینے لگیں، جب گناہ کرتے ہوئے دل نہ کانپے اور نیکی کرتے ہوئے دکھاوے کا خیال آئے، تو سمجھو دل کو توجہ کی ضرورت ہے۔

وہ خاموش رہی۔


اسے پہلی بار محسوس ہوا کہ ایمان صرف نماز چھوڑ دینے سے کمزور نہیں ہوتا، کبھی کسی کا حق مارنے سے، کسی کا دل توڑنے سے، جھوٹ بول کر مطمئن ہو جانے سے اور اپنی غلطی کو انا کے پردے میں چھپانے سے بھی کمزور ہوتا ہے۔

اس رات اس نے موبائل بند کیا، جائے نماز بچھائی اور دیر تک بیٹھی رہی۔

اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ شاید اسے کسی معجزے کی نہیں، اپنے اندر لوٹنے کی ضرورت تھی کیونکہ ایمان کا کمزور ہونا اتنا خطرناک نہیں جتنا اس کمزوری کا احساس ختم ہو جانا ہے۔

چھٹی مل گئی ۔۔۔۔

تحریر: راشد وسیر



میں ریسٹورنٹ کے کچن میں کام کرتا ہوں، اس لیے میرے دن رات کا پتہ نہیں چلتا۔

میں لاہور فوڈ سٹریٹ میں ہوتا ہوں۔ ہمارے کچن میں گھڑی نہیں ہے کہ رش میں کام کرتے گھڑی کی سوئیاں دیکھ سکے کہ گھنٹے والی کہاں ہے اور منٹوں والی کہاں۔ موبائل کی ہمیں اجازت ہے کہ ساتھ رکھیں۔ لیکن رش میں اس تک ہاتھ بھی نہیں پہنچتا۔ اندر صرف آرڈر کی آوازیں ہوتی ہیں۔

ایک کڑاہی، چلیتر، دو کڑاہیاں دو چلیتر "

ساتھ ہی ریاض صاحب مڑ مڑ کر مجھے ہی دیکھتے ہیں کہ کہاں رہ گیا۔

میں ٹیبل پر پڑے کٹنگ بورڈ پر ہاتھ میں چھری پکڑے ہی کھڑا رہتا ہوں۔ اور کبھی کبھی تو مجھے اسے لگ رہا ہوتا ہے کہ میں ہی وہاں کٹ رہا ہوں۔

میرا نام راشد ہے، لیکن کچن میں مجھے "ڈاکٹر" یا کوئی شرارت کے طور پر کاریگر کہتے ہیں۔ حالانکہ میں کاریگر نہیں، مددگار ہوں۔ پیاز کاٹتا ہوں، ٹماٹر دھوتا ہوں، مصالحہ وغیرہ ڈال لیتا ہوں۔

بوس کا نام شفیق صاحب ہے۔

وہ باہر کرسی رکھ کر سب کی نگرانی کر رہے ہوتے ہیں۔

خاص کر باہر تو کسی کو گالی دے کر چیک کر رہے ہوتے ہیں تو کبھی یہ چیک کر رہے ہوتے ہیں کہ گاہک کا کتنا اثر ہوا ہے اس پر۔

ہمارے ساتھ وہ بہت اچھے ہیں تب تک جب تک ہم سے کوئی بڑی غلطی کوتاہی نہ ہو۔۔۔ جب کہ ریاض صاحب کا تو لگے یہ مشغلہ ہو۔ جس کی وجہ سے میرے بھی لوگ ہر وقت کھڑے ہی رہتے ہیں کہ کہیں سوکھی کی وجہ سے کیلی بھی نہ جل جائے۔

بھائی کا فون

بھائی کا مجھے فون آیا کہ یار گھر چکر لگا جاؤں۔ اب تو بچے بھی بہت اداس ہو گئے ہیں۔

دوسرا ابو امی تمہارے لیے بہت فکر مند رہتے ہیں۔

میں نے کہا یار ادھر لڑکے کم ہیں۔ چھٹی مشکل سی ہے۔ میری جگہ پر کھڑا ہونے والا فی الحال کوئی ہے نہیں۔

جب کہ ولید بھی کافی دنوں سے نہیں آ رہا۔

اگر ہوتا تو پھر کچھ آسان ہوتا۔

میری امید تو ادھر فیصل ہے۔ اگر چھٹی کا سوچوں تو اسے اپنی امید کی کرن سمجھتا ہوں۔۔

تو ہمارے ہاں زیادہ تر رش ویک اینڈ پر ہی ہوتا ہے۔

ہم نے ویک اینڈ گزارا، سوموار کو کافی لڑکوں نے اپنی بات بوس کے سامنے رکھ دی کہ چھٹی چاہیے۔

بوس نے کہا آپ ایسا کریں کہ باری بنا لے۔

کوئی آج کر لے چھٹی۔ تو کوئی کل۔

تو یہ فیصلہ لڑکوں نے قبول کر لیا۔

دوسرے دن بوس خود ہی کہنے لگے کہ کس کس کو چھٹی چاہیے۔ تو کچھ نے کہا کہ ہمیں۔

ان سب لڑکوں کو ایک ایک دن کی چھٹی چاہیے تھی کہ کچھ ریسٹ کر لے۔

آخر میں میں 'بوس' کے پاس گیا خرچہ لینے کے لیے۔

تو میں نے بھی وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے چھٹی کا بول دیا۔

میرے منہ سے چھٹی کا سنتے ہی میری طرف دیکھنے لگے۔ کیوں کہ ان کو پتہ ہوتا ہے کہ اگر ڈاکٹر نے چھٹی مانگی تو وہ گھر جانے کی چھٹی مانگتا ہے۔۔

جب کہ یہ صورت حال کچھ اچھی دکھائی دے نہیں رہی تھی۔

بوس نے پوچھا

کہ خیریت ہے ڈاکٹر

میں نے کہا جی بوس

جانا کچھ ضروری ہو گیا تھا۔

تو وہ پہلے سر کجانے لگ گئے۔ کہتے کب جانا ہے۔

میں نے کہا گیارہ کی ڈیوٹی کر کے۔

تو پھر انھوں نے جیب سے موبائل نکالا اور کلینڈر دیکھنے لگ گئے۔

کلینڈر میں 11 اتوار تھا۔ تو کہتے ٹھیک ہے۔

پر کتنی چھٹی کروں گے۔

میں نے اب اپنی آنکھوں کو گھماتے ہوئے کہا دو، تین بہت ہیں۔ جب کہ گھر جانے کے بعد کہاں پتہ چلتا ہے کہ چھٹیاں کتنی کرنی ہیں۔

حسد، بغض اور کردار کشی؛ ایمان کو کھا جانے والی بیماریاں۔



تحریر: اختر علی مہر

انسان کی شخصیت کا اصل حسن اس کے اخلاق، کردار اور دوسروں کے لیے اس کے دل میں موجود خیر خواہی سے پہچانا جاتا ہے، لیکن افسوس کہ ہمارے معاشرے میں حسد، بغض، کینہ اور بلاوجہ دوسروں کی کردار کشی ایک خطرناک معاشرتی بیماری بنتی جا رہی ہے۔ بعض لوگ کسی کی کامیابی، عزت، شہرت اور مقبولیت برداشت نہیں کر پاتے۔ وہ اپنی اصلاح کرنے کے بجائے دوسروں کی خامیاں تلاش کرتے، ان کے خلاف باتیں پھیلاتے اور جھوٹے الزامات کے ذریعے ان کی عزت مجروح کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یاد رکھیے کسی کی نعمت دیکھ کر جلنا، اس کی عزت گرانے کی کوشش کرنا اور اس کے کردار پر بے بنیاد حملے کرنا معمولی گناہ نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی کا سبب بن سکتا ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے واضح حکم دیا ہے اور تم ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے منہ نہ پھیرو۔ صحیح مسلم، حدیث 2564

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے غیبت سے منع کرتے ہوئے فرمایا۔ اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے۔ سورۃ الحجرات: 12۔ رسول اللہ ﷺ نے حسد کے انجام سے خبردار کرتے ہوئے فرمایا

حسد سے بچو، کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ سنن ابی داؤد، حدیث 4903 ایک اور مقام پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔ صحیح البخاری، 10 صحیح مسلم، 40۔

سوچیے ہم کس منہ سے اللہ تعالیٰ سے عزت، رحمت اور بخشش کی امید رکھتے ہیں، جب ہماری زبانیں دوسروں کی عزت اچھالنے میں مصروف ہوں؟ کسی کے خلاف جھوٹ پھیلانا، اس کی نیت پر حملہ کرنا اور بغیر تحقیق الزام لگانا اللہ کے ہاں جواب دہی کا معاملہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ دوسروں کی کامیابی پر خوش ہوں، ان کے لیے دعا کریں اور اپنے دل کو حسد و بغض سے پاک رکھیں۔ کیونکہ انسان کی اصل کامیابی دوسروں کو نیچا دکھانے میں نہیں، بلکہ اپنے کردار کو بلند کرنے میں ہے۔

یاد رکھیے دنیا میں انسان اپنی زبان سے کسی کی عزت تو گرا سکتا ہے، مگر آخرت میں اپنے ہر لفظ کا حساب ضرور دینا ہوگا۔

بحیرہ اسود میں جنگ پھیل گئی: کیا روس نیٹو کی "ریڈ لائنز" کو آزما رہا ہے؟۔۔۔ازقلم: طفیل مگسی

رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق روس اور یوکرین کی سمندری جنگ اب نیٹو کے لیے بحیرہ اسود میں ایک بڑا چیلنج بنتی جا رہی ہے۔ گزشتہ ماہ نیٹو رکن ممالک رومانیہ اور بلغاریہ کے قریب مال بردار جہازوں پر سات حملوں کے بعد اتحاد نے اپنے مشرقی محاذ کو مضبوط کرنے کے لیے سمندری گشتی طیارے، ریڈار اور ڈرونز تعینات کرنے کا اعلان کیا۔ اس کے باوجود 23 اکتوبر کو رومانیہ کی سمندری حدود کے بالکل باہر ایک اور جہاز پر حملہ ہوا، اور گزشتہ ہفتے ایک یونانی کنٹینر جہاز بلغاریہ کے اقتصادی زون میں بحری ڈرونز سے ڈبو دیا گیا۔

فوجی تجزیہ کاروں کو شبہ نہیں کہ یہ حملے روس نے کیے ہیں۔ شپنگ سکیورٹی فرم ایمبری کے مطابق آخری حملے کی ویڈیو میں نظر آنے والا بحری ڈرون روسی ڈرون سے مماثلت رکھتا ہے۔ رائل یونائیٹڈ سروسز انسٹی ٹیوٹ (RUSI) کے سدھارتھ کوشل نے اسے "بلاشبہ کشیدگی میں اضافہ" قرار دیا۔ مڈل ایسٹ انسٹی ٹیوٹ کی جولیا یوبا کے مطابق روس مغرب کی کشیدگی سے گریز کی پالیسی کو دیکھتے ہوئے ریڈ لائنز کو آزما رہا ہے۔ روس نے ہمسایہ ممالک کو نشانہ بنانے کی تردید کی ہے اور کہا ہے کہ یوکرین کو فوجی امداد دے کر یورپی حکومتیں خود جنگ کو بڑھا رہی ہیں۔ نیٹو کے ایک اہلکار نے کہا ہے کہ رکن ممالک کے دفاع کا عزم "اٹوٹ" ہے۔

اعداد و شمار بھی تشویشناک ہیں۔ ایمبری اینالیٹکس کے مطابق مئی سے اکتوبر کے درمیان دونوں فریقوں نے بحیرہ اسود اور بحیرہ ازوف میں 317 تجارتی اور دیگر جہازوں کو نشانہ بنایا، جو پچھلے چھ ماہ کے 74 حملوں سے چار گنا سے بھی زیادہ ہے۔ اکتوبر میں روس نے 38 اور یوکرین نے صرف 5 حملے کیے۔ روس کی اناج کی برآمدات ستمبر میں گر کر محض 3 لاکھ میٹرک ٹن رہ گئیں، جو پچھلے سال اسی مہینے میں 47 لاکھ 40 ہزار ٹن تھیں۔ یوکرین نے جولائی کے آخر میں بحیرہ اسود کی بندرگاہوں کا کام معطل کر دیا اور اب دریائے ڈینیوب کے راستوں سے برآمدات کر رہا ہے، مگر ستمبر میں اس کی اناج کی برآمدات بھی 21 لاکھ ٹن سے گر کر 8 لاکھ 10 ہزار ٹن رہ گئیں۔

رومانیہ کے ایک سینئر اہلکار کے مطابق یورپی یونین اور نیٹو کی توجہ اس وقت شمال اور بالٹک کی طرف ہے، اور پوٹن اس لمحے سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ رومانیہ کو زمین سے فضا میں مار کرنے والے انٹرسیپٹرز اور ریڈار سسٹمز کی فوری ضرورت ہے۔ ترکی، مصر اور بھارت سمیت کئی ممالک محدود سمندری جنگ بندی پر زور دے رہے ہیں، اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے مطابق اس میں بین الاقوامی دلچسپی بڑھ رہی ہے۔ روس اس تجویز کو مسترد کر چکا ہے، اس کا کہنا ہے کہ اس سے صرف کیف کو مہلت ملے گی۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے خبردار کیا ہے کہ ایک دو ماہ میں دنیا ڈیزل کے بجائے زرعی بحران پر بات کر رہی ہوگی۔

کیا نیٹو بحیرہ اسود کو اپنے دفاعی دائرے کا مکمل حصہ سمجھتا ہے، یا روس اسی ابہام سے فائدہ اٹھا رہا ہے؟

بقیہ نمبر 1

الیکٹرانک ڈیٹا اینالیسز سینٹر فرانزک سائنس کے عالمی ایوارڈ کیٹیگری میں دنیا کی پانچ بہترین نامزدگیوں میں شامل ہوا ہے۔ جدید ڈیجیٹل فرانزک ٹیکنالوجی کے ذریعے شواہد کے تجزیے اور تفتیشی عمل میں معاونت فراہم کرنے والا یہ مرکز پنجاب پولیس کی تفتیشی صلاحیتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اسی طرح سیف سٹی کا میرا پیارا سینٹر پولیسنگ میں بہترین عوامی خدمات کے عالمی ایوارڈ کیلئے ٹاپ فائیو اداروں میں شامل کیا گیا ہے۔ بچوں، خواتین اور دیگر گمشدہ افراد کو ان کے اہل خانہ سے ملانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مؤثر رابطہ کاری کے ذریعے خدمات فراہم کرنے والا میرا پیارا سینٹر انسانی ہمدردی اور عوامی خدمت کی ایک نمایاں مثال بن چکا ہے۔ انفرادی کارکردگی کی کیٹیگری میں پنجاب سیف سٹی کے پولیس کمیونٹی کیشن آفیسر فرحان علی نے بھی عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ انہیں خصوصی افراد کیلئے بہترین خدمات اور پیشہ ورانہ کارکردگی کے اعتراف میں عالمی ایوارڈ کیٹیگری کے ٹاپ فائیو امیدواروں میں شامل کیا گیا ہے۔ ان کی یہ نامزدگی خصوصی افراد کی خدمت، ہمدردی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے جذبے کا بین الاقوامی اعتراف ہے۔ منیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی احسن یونس نے اس کامیابی پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دبئی ورلڈ پولیس سمٹ ایوارڈز 2026 کی تین مختلف کیٹیگریز میں شارٹ لسٹنگ پاکستان اور پنجاب کیلئے باعث فخر ہے۔ عالمی سطح پر پنجاب سیف سٹی کی مسلسل پذیرائی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب وژن اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے عزم کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی جدید ٹیکنالوجی، مؤثر پولیسنگ اور عوام دوست اقدامات ...

بقیہ نمبر 3

تجاوزات پر نوٹس دیا گیا، تجاوزات کے خاتمے، سرکاری اراضی کی واگزاری کیلئے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 4

پلازے اور دیگر تجارتی املاک شامل ہیں ان جائیدادوں سے گزشتہ چار برس کے دوران 13 ارب روپے سے زائد ریونیو حاصل ہوا، جبکہ ان کی تعمیر و مرمت پر گزشتہ پانچ سال میں 30 کروڑ 64 لاکھ روپے خرچ کئے گئے۔ وزیر ریلوے کے مطابق رواں مالی سال میں ریلوے نے 115 ارب روپے کا ریونیو ہدف حاصل کیا جبکہ آپریٹنگ اخراجات میں 3.6 ارب روپے کی کمی لائی گئی ہے سرکاری ریکارڈ کے مطابق ریلوے کی 2 ہزار 355 کمرشل جائیدادیں ناجائز قابضین کے زیر استعمال ہیں، جن میں سب سے زیادہ 1,538 یونٹس سکھر ڈویژن میں، 589 کراچی، 123 کوئٹہ، 36 ملتان، 24 لاہور، 6 پشاور جبکہ 38 یونٹس سی ایس ایف ڈائریکٹوریٹ کے زیر انتظام علاقوں میں واقع ہیں آڈیٹر جنرل کی خصوصی آڈٹ رپورٹ کے مطابق ریلوے کے پراپرٹی اینڈ لینڈ ڈیپارٹمنٹ میں گزشتہ چار برس کے دوران 12 ارب 49 کروڑ 89 لاکھ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آئیں رپورٹ کے مطابق 2 ہزار 617 ایکڑ اراضی پر تجاوزات قائم ہیں جن کی مالیت 3 ارب 49 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے، جبکہ کراچی اور حیدرآباد میں 2 ارب 17 کروڑ روپے مالیت کی ریلوے اراضی پر غیر قانونی پٹرول پمپ قائم کیے گئے رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا کہ کراچی کے گیلانی اسٹیشن کی 63 ایکڑ قیمتی اراضی، جس کی مالیت تقریباً 4 ارب 40 کروڑ روپے ہے، سپریم کورٹ کے احکامات کے باوجود تاحال واگزار نہیں کرائی جا سکی دستاویزات کے مطابق پاکستان ریلوے نے 40 ...

بقیہ نمبر 2 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 5 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 6 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 7 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 8 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 9 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 10 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 11 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 12 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 13 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 14 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 15 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 16 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 17 ☆☆☆ · بقیہ نمبر 18 ☆☆☆

وفاقی محتسب کے حکم پر قلات کی بائیومیٹرک تصدیقی مسئلے کا شکار خاتون کو BISP کی 14,500 روپے کی قسط منتقل کروا دی گئی

وفاقی محتسب کا ادارہ عوام الناس کو ان کے دہلیز پر، بغیر کسی فیس یا وکیل کے، بلا تاخیر انصاف کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

خضدار (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کے احکامات اور ریجنل آفس خضدار کی موثر، فوری اور بروقت کارروائی کے نتیجے میں ضلع قلات کی رہائشی خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی بقایا قسط بلا تاخیر فراہم کر دی گئی، جس پر سائلہ نے وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع قلات کی تحصیل دشت بدو کی رہائشی خاتون، مسمات نور بخت نے وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں ایک شکایت درج کرائی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے ان کا وظیفہ فنڈز اور تکنیکی/بائیومیٹرک مسائل کی بنا پر بلاک یا مؤخر ہو چکا تھا، جس کی وجہ سے وہ مالی مشکلات کا شکار تھیں۔ وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے BISP انتظامیہ اور متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کیے اور باقاعدہ سماعت و کارروائی کا آغاز کیا۔ دفتر کی مسلسل پیہم کوششوں، قانونی و انتظامی مداخلت اور فالو اپ کے نتیجے میں بی آئی ایس پی حکام نے کارروائی مکمل کرتے ہوئے درخواست گزار نور بخت کو 14,500 روپے کی زیر التوا قسط فوری طور پر جاری کر دی۔ وظیفے کی رقم کی وصولی پر سائلہ اور ان کے اہل خانہ نے وفاقی محتسب اعلیٰ اور ریجنل آفس خضدار کی انتظامیہ کی عوامی خدمات اور انصاف کی فراہمی کو سراہا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ خضدار، قلات اور ملحقہ اضلاع کے غریب، مستحق اور حالات کے مارے شہریوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے۔ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام الناس کو ان کے دہلیز پر، بغیر کسی فیس یا وکیل کے، بلا تاخیر انصاف کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

چیئرمین نیب کے احکامات پر ڈی جی نیب ملتان عاصم لودھی کی کھلی کچہری سائلین کی شکایات سنیں

اس اقدام کا مقصد جنوبی پنجاب کی عوام کی شکایات کو براہ راست سننا اور کرپشن سے متعلق مسائل کو فوری حل کرنا ہے



ملتان (نامہ نگار) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کے احکامات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل نیب ملتان عاصم لودھی نے نیب ملتان آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور سائلین سے شکایات سنیں اس اقدام کا مقصد جنوبی پنجاب کی عوام کی شکایات کو براہ راست سننا اور کرپشن سے متعلق مسائل کو فوری حل کرنا ہے۔ جنوبی پنجاب کے مختلف علاقوں سے سائلین کھلی کچہری میں پیش ہوئے جن میں زیادہ تر گلبرگ ایگزیکٹو ہاؤسنگ سکیم ملتان، گلستان مارکیٹنگ و گلستان ہومز ملتان کے متاثرین نے اپنی شکایات بیان کیں۔ ڈی جی نیب ملتان نے سائلین کی دادرسی کے لیے نیب افسران کو قانون کے مطابق فوری کارروائی کرنے کے احکامات جاری کی اور اس بات پر زور دیا کہ نیب ملتان بدعنوانوں کا احتساب کرنے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہے مزید برآں عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ بدعنوانی یا کرپشن سے متعلقہ اپنی شکایات نیشنل اکاونٹیبلٹی آرڈیننس 1999 کے تحت جمع کرانے کیلئے نیب ملتان کے آفیشل نمبر 061-111-622-622 اور ای میل multan@nab.gov.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

15 سالہ حرا اسلم فرسٹ ایئر کی طالبہ اغوا مقدمہ درج تاحال ملزمان گرفتار نہ ہو سکے

ملزمان علی رضا محمد راحیل شرافت علی عرفان وغیرہ نے آتشی اسلحہ کے زور پر میری بیٹی کو اغوا کر لیا

ساہوکا (نامہ نگار) 15 سالہ حرا اسلم فرسٹ ایئر کی طالبہ اغوا مقدمہ درج تاحال ملزمان گرفتار نہ ہو سکے تفصیل کے مطابق نواحی گاؤں چک 297 ای بی کے رہائشی محمد اسلم نے تھانہ ساہوکا میں گزاری گئی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ میں گردوں کا مریض ہوں چند روز قبل مجھے تکلیف لاحق ہوئی اور میری بیٹی 16/15 سالہ حرا اسلم گاڑی کا پتہ کرنے کے لیے گھر سے باہر گئی تو ملزمان علی رضا محمد راحیل شرافت علی عرفان وغیرہ نے آتشی اسلحہ کے زور پر میری بیٹی کو اغوا کر لیا اور زنا حرام کاری کی خاطر گاڑی میں ڈال کر لے گئے اج تک ملزمان کے ورثا لڑکی کو واپس کرنے کا وعدہ کرتے رہے اب لڑکی کی واپسی سے انکاری ہو گئے پولیس تھانہ ساہوکا نے مقدمہ درج کر لیا تاحال ملزمان گرفتار نہ ہو سکے اور نہ ہی مغویہ برآمد ہو سکی

عوام نے صوبے کی بحالی کے لیے 3 ریفرنڈم کروائے، بانی تحریک اکرم انصاری کا انکشاف

اسی طرح دوسرے امیدوار بھی بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے تیسرا ریفرنڈم 11 اپریل 2011 کو ہوا جہاں صادق گڑھ پیلس میں اپنا فیصلہ سنا دیا تھا



بہاولپور (نامہ نگار) بہاولپور کی عوام نے بہاولپور صوبے کی بحالی کے لیے 3 ریفرنڈم کروائے پہلا ریفرنڈم 24 اپریل 1970 کو جس میں عوام کو جیلوں میں جانا پڑا کوڑے کھائے آنسو گیس لاٹھی چارج اور گولی کا مقابلہ کیا گزشتہ روز جان محمد چوہان سے تحریک بحالی صوبہ بہاولپور کے بانی محمد اکرم انصاری نے گفتگو میں بتایا اس موقع پر مجتبیٰ بخاری ارشاد احمد شاہد موجود تھے دوسرا ریفرنڈم 1970 کے انتخابات جس میں NW-100 میں میاں نظام الدین حیدر نے کامیابی حاصل کی 68,062 ووٹ حاصل کیے ان کے مخالف امیدوار سردار محمد اسلم خان جلوانہ نے 21,586 ووٹ حاصل کیے پیپلز پارٹی کے ملک جعفر نے 25,358 ووٹ حاصل کیے اور NW-101 شہزادہ سعید الرشید عباسی نے 99,640 ووٹ حاصل کیے مخالف امیدوار 25,024 ووٹ حاصل کیے NW- 103 میں سید رفیق شاہ نے 44,322 ووٹ حاصل کیے NW-105 میں خواجہ جمال محمد کوریجہ نے 62,481 ووٹ حاصل کیا مخالف حافظ سراج احمد نے 25,301 ووٹ حاصل کیا NW-107 میں مخدوم نور محمد نے 54,965 ووٹ حاصل کیا جبکہ مخالف مخدوم سید حسن محمود نے 48,538 حاصل کیا اسی طرح صوبائی اسمبلی کے 16 نشستوں میں سے 10 نشستیں متحدہ محاذ نے حاصل کی جس میں سید تابش الوری نے PP-163 سے 25,680 ووٹ حاصل کیا جبکہ مخالف امیدوار موسیٰ سعید نے 9,451 ووٹ حاصل کیے اسی طرح دوسرے امیدوار بھی بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے تیسرا ریفرنڈم 11 اپریل 2011 کو ہوا جہاں صادق گڑھ پیلس میں اپنا فیصلہ سنا دیا تھا

بستی جلمانہ پتی میں حضرت بابا بزرگ رحمت اللہ علیہ کے دربار کا 3 روزہ سالانہ عرس میلہ اختتام پذیر

تین روزہ عرس میلے میں علاقہ بھر سے ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں، معززین سیاسی و سماجی شخصیت اور علاقہ شائقین کبڈی نے شرکت کی۔



قائم پور (سپیشل رپورٹر) بستی جلمانہ پتی قائم پور میں حضرت بابا بزرگ رحمت اللہ علیہ کے دربار کا سالانہ 3 روزہ عرس میلہ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا میلے کا انعقاد میلا مالک عمران خان چنڑ کی زیر نگرانی کیا گیا۔ پہلے روز محفل نعت منعقد ہوئی جس کی زیر صدارت پیر مقبول ہاشمی قریشی سید پیر محسن شاہ گیلانی نے کی جس میں ملک کے معروف نعت خواں اور علما کرام نے شرکت کی اور بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نذرانہ عقیدت پیش کیا تلاوت نامور مولانا قاری غلام علی سگو نے کی اور نعت شریف حافظ محمد ساجد فریدی نعت شریف پڑھ کر دلوں کو منور کیا اس موقع پر زائرین کے لیے لنگر کا وسیع انتظام بھی کیا گیا تھا دوسرے اور تیسرے روز روایتی پنجابی کھیل کبڈی کے سنسنی خیز مقابلے ہوئے، جس میں ملک بھر کے نامور کبڈی کھلاڑیوں نے حصہ لے کر شائقین کو محظوظ کیا۔ مقابلوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے جیتنے والے کھلاڑیوں میں میلا مالک عمران خان چنڑ نے انعامات تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی اس موقع پر عارف خان چنڑ منظور خان چنڑ غلام علی خان چنڑ غلام فرید چنڑ امام بخش چنڑ محمد بخش چنڑ تہیم سلمان خان چنڑ تنویر خان چنڑ منظور خان ورک حافظ عبدالشکور چنڑ ملک اسلم چنڑ ملک سعید چنڑ صدر مرکزی پریس کلب قائم پور اور دیگر موجود تھے تین روزہ عرس میلے میں علاقہ بھر سے ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں، معززین سیاسی و سماجی شخصیت اور علاقہ شائقین کبڈی نے شرکت کی۔

روشنی ہیلپ لائن 1138 کی بڑی کامیابی 41 روز سے لاپتہ بچہ ورثاء سے ملوا دیا

روشنی ہیلپ لائن نے 12 سالہ ابوبکر ولد جہانگیر کو چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے 2 نومبر کو پٹھان کالونی بنارس کراچی کے ورثا کے حوالے کر دیا گیا



کراچی (سلیم صفدر اعوان) روشنی ہیلپ لائن 1138 نے 41 روز سے لاپتہ کراچی کے رہائشی بچے کو پنجاب سے چند گھنٹوں میں تلاش کر کے ورثا سے ملوا دیا۔ مورخہ 8 اکتوبر 2026 کو راولپنڈی ریلوے اسٹیشن سے لاوارث حالت میں ملنے والا 12 سالہ ابوبکر ولد جہانگیر خان کے ورثاء کو روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم نے انتھک محنت کے بعد پٹھان کالونی، بنارس، کراچی سے تلاش کر کے 2 نومبر 2026 کو ورثاء کے ہمراہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو، راولپنڈی جا کر تمام تصدیقی عمل مکمل کرنے کے بعد بچے کو بخیریت ورثاء کے سپرد کر دیا۔ ورثاء نے روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم اس کار خیر میں چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو، راولپنڈی، پنجاب اور تمام رضا کاروں کی تہہ دل سے شکر گزار ہے جنہوں نے اس بچے کے ورثاء کو تلاش کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

خواجہ حبیب الرحمٰن کو پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کا سینئر وائس چیئرمین بننے پر مبارکباد

خواجہ حبیب الرحمٰن سینئر وائس چیئرمین اور خواجہ ضیاالرحمٰن ایگزیکٹو ممبر FPCCI منتخب - حاجی محمد طفیل ٹیپو، چوہدری خالد ابراہیم اور محمد ابراہیم کی جانب سے دلی مبارکباد



لاہور (نامہ نگار) خواجہ حبیب الرحمٰن کو آٹھارہ سال بعد ہونے والے پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں کلین سویپ کرنے پر اور سینئر وائس چیئرمین پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن بننے پر بہت بہت مبارک باد پیش کرتے ہیں خواجہ ضیاالرحمٰن اور خواجہ حبیب الرحمٰن کو ایگزیکٹو ممبر FPCCI بننے پر بہت بہت مبارک باد پیش کرتے ہیں حاجی محمد طفیل ٹیپو وائس چیئرمین، وائس آف ایشیا میڈیا گروپ / انٹرنیشنل نیوز نیٹ ورک، چوہدری خالد ابراہیم، محمد ابراہیم ایگزیکٹو، حسن اسٹیٹ اینڈ بلڈرز اور محمد آصف کی جانب سے دلی مبارک باد پیش کی ہے

مورو پولیس تھانہ کی حدود میں مورو، اکری میں 3 موٹر سائیکل چھن گئیں

گاؤں سجاول فقیر لاشاری میں سیٹھ رانجھن لاشاری اور سائٹ لاشاری کے گھر میں نقب لگا کر چور لاکھوں کی نقدی، طلائی زیورات چرا کر لے گئے

نوشہرو فیروز (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مورو، اکری میں 3 موٹر سائیکل چھن گئیں، خان واہن، کنڈیارو میں ڈکیتی، کرڑاہ میں چوری واردات، مورو پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر حیسکول پیٹرول پمپ کے پاس رہزنوں نے پرویز سولنگی سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا، مورو احساس سینٹر کے پاس رہزنوں نے اعتزاز علی سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا اکری پولیس تھانہ کی حدود میں کروندی حسین پاتو رابطہ سڑک لنک روڈ پر رہزنوں نے امیر علی سیال سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا، خان واہن پولیس تھانہ کی حدود پیر مسافر کے پاس رہزنوں نے محنت کش راشد جوگی سے 60 ہزار کی نقدی اور موبائل فون چھین لیا، کنڈیارو سے ویگن میں کوٹری کبیر آنے فوجی سلیم تھبو کی جیب سے جیب کترا 18 ہزار روپے نکال لی

ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت اجلاس، وزیر اعلیٰ پنجاب انیشیٹیوز زیر عملدرآمد کا جائزہ

انہوں نے وال چاکنگ کے خاتمے، سٹریٹ لائٹس کو فعال بنانے اور بس اسٹینڈز کی انسپکشن کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب انیشیٹیوز اور کے پی آئیز کلیدی کارکردگی اشاریوں پر عملدرآمد کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف محکموں کے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام افسران کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانا اولین ترجیح ہے۔ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر اور دیہات صاف ستھرے نظر آنے چاہئیں جبکہ بیوٹیفکیشن پلان کے تحت چوکوں، پارکس اور گرین بیلٹس کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے انسداد تجاوزات، انسداد سموگ اور پلاسٹک کے استعمال کی روک تھام کے لیے متحرک ہو کر کام کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے منی پٹرول پمپس اور گیس ری فلنگ پوائنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا بھی حکم دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں، ہسپتالوں، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور ترقیاتی سکیموں کی باقاعدگی سے انسپکشن کی جائے۔ ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی، مریضوں کے لواحقین کے لیے بیٹھنے کے انتظامات اور ڈاکٹرز و عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ہسپتالوں میں سروس ڈیلیوری کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خالی پلاٹس میں کسی قسم کا کوڑا موجود نہیں ہونا چاہیے اور پلاٹس کے مالکان کو نوٹسز جاری کیے جائیں تاکہ وہ کوڑا اور گندگی ختم کروائیں۔ تمام سرکاری سکولوں میں صفائی، خوبصورتی اور شجرکاری پر خصوصی توجہ دی جائے، اساتذہ گاؤن پہنیں جبکہ کلاس رومز اور واش رومز صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سموگ کے خاتمے کے لیے فصلوں کی باقیات جلانے پر پابندی پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں۔ سموگ کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔ انہوں نے وال چاکنگ کے خاتمے، سٹریٹ لائٹس کو فعال بنانے اور بس اسٹینڈز کی انسپکشن کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق جدید میونسپل سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ کا دورہ کیا اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری سیوریج لائن کے کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سیوریج لائن کی تنصیب کا کام تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کام میں مقررہ تکنیکی معیار، درست الائنمنٹ اور لیول کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ سیوریج لائن کی بنیاد، پائپوں کے جوڑوں اور ڈھلوان کو تکنیکی اصولوں کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق جدید میونسپل سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ سیوریج لائن کی بروقت تکمیل سے نکاسی آب کا نظام بہتر ہو گا، گلیوں اور سڑکوں پر پانی جمع ہونے کا مسئلہ حل ہو گا اور شہریوں کو ریلیف ملے گا۔ اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، ڈی او آئی اینڈ ایس فہیم شہزاد اور اے ڈی پی پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام عابد منظور ملغانی بھی موجود تھے۔

مریم نواز شریف کی عوامی مقبولیت سے حسد کرنے والے کرپشن کے الزامات لگا رہے ہیں چوہدری محمد یوسف کسیلیہ

مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہے اور حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے



گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) رکن صوبائی اسمبلی وایڈیشنل جنرل سیکرٹری مسلم لیگ (ن) جنوبی پنجاب چوہدری محمد یوسف کسیلیہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انتہائی ایمانداری اور خلوص کے ساتھ صوبے کے عوام کی خدمت کرتے ہوئے ایسے تاریخی اقدامات کیے ہیں جن کی مثال پنجاب کی تاریخ میں ملنا مشکل ہے۔ پنجاب حکومت کے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو عالمی سطح پر بھی سراہا جا رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کسانوں، طلبہ، بے روزگار نوجوانوں اور بے گھر افراد کے لیے جو فلاحی منصوبے شروع کیے ہیں، وہ عوامی خدمت اور ترقی کے حوالے سے ایک نئی مثال ہیں۔ ان منصوبوں سے معاشرے کے مختلف طبقات کو ریلیف مل رہا ہے اور عوام کا حکومت پر اعتماد مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ چوہدری محمد یوسف کسیلیہ نے کہا کہ پنجاب حکومت کے ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح کے اقدامات کی تعریفیں برطانیہ جیسے ترقی یافتہ ممالک میں بھی کی جا رہی ہیں۔ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہے اور حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب حکومت پر کرپشن کے الزامات لگانا وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے حسد کا اظہار ہے۔ پنجاب کے عوام نے ان الزامات کو مسترد کر دیا ہے اور وہ مریم نواز شریف کی قیادت پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں۔ چوہدری محمد یوسف کسیلیہ نے مزید کہا کہ عوام بخوبی جانتے ہیں کہ کون ان کی خدمت کر رہا ہے اور کون محض سیاسی مخالفت میں مصروف ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں اور فلاحی اقدامات کے ذریعے عوام کے دل جیت رہی ہے اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں ترقی اور خوشحالی کا سفر جاری رہے گا۔

غزہ میں بے گناہوں کا قتل انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے، سابق صوبائی وزیر چوہدری نذیر آرائیں

انہوں نے کہا کہ دنیا اب بہت مہذب ہو چکی ہے اور عالمی برادری جنگ، قتل و غارت اور بے گناہ انسانوں کے قتل کو پسند نہیں کرتی۔



گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) سابق رکن قومی اسمبلی و سابق صوبائی وزیر چوہدری نذیر احمد آرائیں نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں اور مظالم نے انہیں دنیا بھر میں شدید تنقید کا نشانہ بنا دیا ہے۔ غزہ میں بے گناہ مسلمانوں، خواتین، معصوم بچوں اور ہسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کی ہلاکتیں انسانیت کے خلاف سنگین جرائم ہیں، جنہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا اب بہت مہذب ہو چکی ہے اور عالمی برادری جنگ، قتل و غارت اور بے گناہ انسانوں کے قتل کو پسند نہیں کرتی۔ غزہ میں اسرائیلی مظالم اور ایران کے خلاف جارحانہ اقدامات نے نیتن یاہو اور ٹرمپ کی سیاسی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقتدار کی طاقت ہمیشہ قائم نہیں رہتی۔ جو حکمران اپنے اقتدار کو بے گناہ انسانوں کے خون سے مضبوط کرنے کی کوشش کرتے ہیں، انہیں بالآخر اپنے اعمال کا حساب دینا پڑتا ہے۔ نیتن یاہو اور ٹرمپ کو بھی اپنے فیصلوں اور مظالم کی قیمت چکانا پڑے گی۔ سابق رکن اسمبلی کے مطابق دونوں رہنماؤں کا سیاسی زوال شروع ہو چکا ہے اور تاریخ انہیں ان کے اقدامات کی وجہ سے یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں امن، انسانی حقوق اور انصاف کے لیے آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور بے گناہ انسانوں کے قتل میں ملوث عناصر کو جواب دہ ہونا چاہیے

وفاقی محتسب کے حکم پر خضدار کے سیلاب متاثرہ سائل کو امدادی رقم کی پہلی قسط موقع پر ہی مل گئی

اور اسے عوام کے مسائل کے فوری حل کے لیے ایک بہترین مثال قرار دیا ہے۔ کیا آپ کو اس پریس ریلیز میں کسی قسم کی تبدیلی یا مزید تفصیلات شامل کرنی ہیں؟

خضدار (نامہ نگار) وفاقی محتسب کے ادارہ جاتی انصاف اور فوری حل کے نظام نے ایک بار پھر متاثرہ سائل کو اس کا حق دلوا دیا۔ غیر رسمی حل تنازعات (IRD) کے تحت سیلاب متاثرین کی امدادی رقم کی عدم فراہمی سے متعلق دائر کی گئی ایک شکایت پر وفاقی محتسب کی فوری اور مؤثر مداخلت کے نتیجے میں سائل کو مکان کی تعمیر کے لیے ایک لاکھ روپے کی امدادی رقم نقد ادا کر دی گئی۔ پس منظر اور شکایت کی نوعیت تفصیلات کے مطابق، خضدار کے علاقے کھٹ کپار ڈاکخانہ باغبانہ کے رہائشی درخواست گزار عبدالغفور نے وفاقی محتسب کو شکایت درج کروائی تھی کہ این آر ایس پی (NRSP) کی جانب سے ان کے گھر کا تفصیلی سروے مکمل ہو چکا ہے، تاہم تمام تر کارروائی کے باوجود بینک اسلامی برانچ خضدار کی جانب سے گھر کی تعمیر کے لیے منظور شدہ 1,00,000 روپے (ایک لاکھ روپے) کی پہلی قسط التوا کا شکار تھی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ وفاقی محتسب کا فوری ایکشن مذکورہ شکایت پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے دفتر نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ فریقین سمیت بینک اسلامی خضدار کے نمائندگان کو طلب کیا۔ محتسب کی دائرہ کارروائی اور مؤثر سفارت کاری کے نتیجے میں تمام ضروری قانونی و دفتری مراحل کو فوری طور پر حتمی شکل دی گئی۔ موقع پر ادائیگی اور آئندہ اقساط کی یقین دہانی کارروائی کے دوران سرکاری ٹیکس کی کٹوتی کے بعد بقیہ رقم فوری طور پر واگذار کی گئی اور 1,00,000 روپے کی نقد رقم موقع پر ہی سائل عبدالغفور کے حوالے کر دی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ بینک اور متعلقہ حکام کی جانب سے یہ یقین دہانی بھی کرائی گئی ہے کہ گھر کے تعمیراتی مراحل میں پیشرفت کے مطابق آئندہ بقایا اقساط کی ادائیگی بھی بروقت اور بغیر کسی تاخیر کے یقینی بنائی جائے گی۔ عوامی حلقوں کی جانب سے تحسین وفاقی محتسب کی اس فوری کارروائی اور غریب سیلاب متاثرہ سائل کو بروقت انصاف کی فراہمی پر عوامی حلقوں، سماجی کارکنوں اور مقامی آبادی نے بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے اور اسے عوام کے مسائل کے فوری حل کے لیے ایک بہترین مثال قرار دیا ہے۔ کیا آپ کو اس پریس ریلیز میں کسی قسم کی تبدیلی یا مزید تفصیلات شامل کرنی ہیں؟

ٹریفک حادثات میں 3 طالب علم اور پٹواری تیجے دار زخمی ہو گئے

پرانی تکرار پر آج مین بازار میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ ہو گئی تاہم پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حالات کو کنٹرول کر لیا۔



نوشہرو فیروز (آئی پی ایس) ٹریفک حادثات میں 3 طالب علم اور پٹواری تیجے دار زخمی، لاکھا روڈ کی ڈاہری برادری تکرار پر فائرنگ سے خوف و ہراس پھیل گیا، بھریا سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر گاؤں نبھوڑو بھٹی کے پاس ٹرالر کی زد میں آ کر دسویں جماعت کے تین طالب علم طیب علی بھٹی، دادن بھٹی اور مدثر بھٹی زخمی ہو گئے، قومی شاہراہ پر ایک دوسرے حادثے میں موٹر سائیکل پھسل جانے سے پٹواری تیجے دار صفر الدین میمن زخمی ہو گیا، جنہیں اسپتال منتقل کر دیا ہے، لاکھا روڈ پولیس تھانہ کی حدود میں ڈاہری برادری کے درمیان چلی آ رہی پرانی تکرار پر آج مین بازار میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ ہو گئی تاہم پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حالات کو کنٹرول کر لیا۔

نوجوان حکیم عامر علی ستار کی اچانک وفات کے بعد گزشتہ روز نماز جنازہ ادا کر دی گئی

جبکہ مرحوم کی اچانک جدائی نے اہل علاقہ کو گہرے رنج و غم میں مبتلا کر دیا۔ مرحوم حکیم عامر علی ستار، حکیم حاجی ستار علی کے صاحبزادے تھے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) اڈا گڑھا موڑ، ملتان روڈ کی ہر دلعزیز معروف کاروباری، سیاسی و سماجی شخصیت نوجوان حکیم عامر علی ستار کی اچانک وفات کے بعد گزشتہ روز نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ بعد نماز عصر چک نمبر 102 ڈبلیو بی کے قبرستان میں ادا کی گئی، جس میں علاقے بھر سمیت پاکستان کے مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے عزیز و اقارب، دوست احباب، کاروباری شخصیات، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار اور ہر دل سوگوار تھا، جبکہ مرحوم کی اچانک جدائی نے اہل علاقہ کو گہرے رنج و غم میں مبتلا کر دیا۔ مرحوم حکیم عامر علی ستار، حکیم حاجی ستار علی کے صاحبزادے تھے۔ وہ گزشتہ روز اچانک طبیعت خراب ہونے اور حرکت قلب بند ہونے کے باعث اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ ان کے انتقال کی خبر نے اہل علاقہ، عزیز و اقارب، دوست احباب اور کاروباری حلقوں کو غمزدہ کر دیا۔ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ محبتیں بانٹنے والا یہ ہنستا مسکراتا نوجوان اتنی جلدی سب کو سوگوار چھوڑ کر دنیا سے رخصت ہو جائے گا۔ نماز جنازہ میں رکن صوبائی اسمبلی میاں نعیم خان بھابھہ، سابق وائس چیئرمین ضلع کونسل عاصم سعید منیس سمیت معروف کاروباری، سیاسی و سماجی شخصیات، صحافیوں، معززین علاقہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ اور تدفین کے موقع پر لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جنہوں نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ حکیم عامر علی ستار شعبہ میڈیسن سے وابستہ تھے اور عامر ٹریڈرز کے نام سے اپنا ہول سیل کاروبار چلا رہے تھے۔ انہوں نے محنت، دیانت داری اور لگن کے ساتھ اپنے کاروبار کو مستحکم کیا اور علاقے میں اپنی الگ پہچان بنائی۔ قرشی، ہمدرد سمیت دیگر معروف کمپنیوں کی ڈسٹری بیوشن کے حوالے سے بھی وہ کاروباری حلقوں میں جانے جاتے تھے۔ نوجوانی ہی میں کاروباری میدان میں نمایاں مقام حاصل کرنا ان کی محنت اور صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت تھا۔ مرحوم اپنی خوش اخلاقی، ملنساری، محبت بھرے رویے اور بہترین تعلقات کے باعث اہل علاقہ میں خاص مقام رکھتے تھے۔ وہ ہر شخص سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملتے اور دوستوں، عزیزوں سمیت اپنے حلقہ احباب کے ساتھ محبت و خلوص سے پیش آتے تھے۔ ان کی شخصیت کا یہی پہلو تھا کہ ان کی وفات پر نہ صرف اہل خانہ بلکہ دوست احباب، کاروباری ساتھیوں اور علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد غمزدہ دکھائی دی۔ اس موقع پر مرحوم کے بزرگ والد حکیم حاجی ستار علی انتہائی رنجیدہ دکھائی دیے، جبکہ ان کے بھائیوں حافظ عبدالرف، عاصم ستار اور دیگر اہل خانہ بھی اپنے پیارے بھائی کی جدائی پر گہرے صدمے سے دوچار تھے۔ ایک محبت کرنے والے، شفقت کرنے والے اور خاندان کا سہارا بننے والے بڑے بھائی کی اچانک جدائی نے اہل خانہ کو نڈھال کر دیا۔ عزیز و اقارب اور دوست احباب نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔ نماز جنازہ کے بعد مرحوم کی تدفین عمل میں لائی گئی، جہاں موجود افراد نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر ہر آنکھ نم تھی اور ہر زبان پر مرحوم کی محبت، خلوص اور اچھے اخلاق کا ذکر تھا۔ حکیم عامر علی ستار کی اچانک وفات بلاشبہ ان کے خاندان، دوست احباب، کاروباری حلقوں اور اہل علاقہ کے لیے ایک بڑا صدمہ ہے۔ ان کی محبتیں، خوش اخلاقی اور خدمت و خلوص پر مبنی تعلقات ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بنیادی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کا اعلان مختلف جماعتوں کی مشترکہ پریس کانفرنس

رہنماؤں نے کہا کہ جیکب آباد سندھ کا ایک تاریخی اور اہم ضلع ہے، جس کی آبادی تقریباً 15 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے



جیکب آباد (نمائندہ خصوصی) مجلس وحدت مسلمین پاکستان سندھ کے صوبائی صدر علامہ مقصود علی ڈومکی نے جیکب آباد کی مرکزی امام بارگاہ میں مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی اور قوم پرست جماعتوں کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ضلع کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد کی محرومیوں کا خاتمہ کر کے عوام کو صحت، تعلیم، امن و امان، بجلی، صاف پانی، ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی شہری سہولیات فراہم کی جائیں۔ پریس کانفرنس میں پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی نائب صدر میر راجہ خان جکھرانی، جام محمد اسلم انڑ، مہران سوشل فورم کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالغنی سومرو، جماعت اسلامی کے ضلعی رہنما محمد ابوبکر سومرو، پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے ضلعی رہنما انور محمد منجھو، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر گلاب جان مینگل، جمعیت علمائے اسلام کے رہنما حافظ محمد مزمل سومرو، وکٹر پبلک اسکول کے پرنسپل اور مسیحی رہنما ٹونی صاحب، اسٹوڈنٹس موومنٹ یونیورسٹی تحریک کے آرگنائزر مشرف خان جکھرانی، آل ڈومکی اتحاد کے چیئرمین حاجی شاہ مراد خان ڈومکی، جنرل سیکریٹری استاد عبدالفتاح ڈومکی، سیکریٹری تعلیم استاد رفیق احمد ڈومکی، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے ضلعی جنرل سیکریٹری فدا حسین لکھن، وحدت یوتھ ونگ کے مرکزی جنرل سیکریٹری اللہ بخش سجادی، مجلس علمائے مکتب اہل بیت کے ضلعی صدر علامہ سیف علی ڈومکی، سماجی رہنما ناچیز عادل ولی بروہی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ رہنماؤں نے کہا کہ جیکب آباد سندھ کا ایک تاریخی اور اہم ضلع ہے، جس کی آبادی تقریباً 15 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے

آزاد صحافت جمہوریت کی مضبوط بنیاد ہے عمران زاہد کھوکھر

انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران مختلف مشکلات، دباؤ اور عدم تحفظ کا سامنا کرنا پڑتا ہے،



شیرگڑھ (نامہ نگار) عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیرگڑھ و ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ آزاد، غیر جانب دار اور ذمہ دار صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ صحافت ریاست کا اہم ستون اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کا موثر ذریعہ ہے۔ صحافی معاشرتی ناانصافیوں، کرپشن، بدعنوانی اور عوامی مشکلات کی نشاندہی کر کے حکام بالا تک عوام کی آواز پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران مختلف مشکلات، دباؤ اور عدم تحفظ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہٰذا حکومت کو صحافیوں کے تحفظ، آزادی اظہار اور معاشی استحکام کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ عمران زاہد کھوکھر نے مزید کہا کہ صحافت محض خبر رسانی کا نام نہیں بلکہ یہ ایک قومی، سماجی اور اخلاقی ذمہ داری بھی ہے۔ مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیرگڑھ حق و سچ کی آواز بلند کرنے، عوامی مسائل اجاگر کرنے اور مثبت و ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر ملک بھر کے صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ قلم کی حرمت، سچائی اور عوامی خدمت کے مشن کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے گا۔

اتحاد فلور ملز مالک پر 43 لاکھ سے زائد ہڑپ کرنے کا الزام، متاثرہ تاجر کی پریس کانفرنس

جنہوں نے مجھے بتایا کہ ایاز محمود مختلف کاروباری پارٹیوں سے تقریباً 12 کروڑ روپے کی رقوم لے کر فرار ہو گیا ہے



لودھراں (چوہدری منیر سے) جنگل جسونت گڑھ کے رہائشی محمد طفیل نے ارشد، ندیم، انتظار کے ہمراہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ اتحاد فلور ملز کے مالک ایاز محمود نے مجھ سے گندم کی خریداری کی مد میں مجموعی طور پر 43 لاکھ 51 ہزار 447 روپے ہڑپ کر کے میری کاروباری ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا ہے صورتحال یہ ہے کہ میرا اتحاد فلور ملز کے مالک ایاز محمود سے عرصہ دراز سے گندم کپاس اور دیگر زرعی اجناس کی خرید و فروخت کا کاروبار ہے سال 2025/24 میں ایاز محمود نے گندم کی خریداری کی ابتدا میں گندم کی ادائیگیاں کرتا رہا لیکن بعد ازاں اچانک ادائیگیاں بند کر دیں جب میں اپنے ساتھیوں محمد نوید اور محمد عبداللہ کے ہمراہ حسن سوائی چوک پر اتحاد فلور مل پہنچا تو ملز کو تالے لگے ہوئے تھے وہاں پر تقریباً 15 سے 16 دیگر ادحتی بھی اپنے فروخت شدہ گندم کی رقوم کے حصول کے لیے کھڑے تھے جنہوں نے مجھے بتایا کہ ایاز محمود مختلف کاروباری پارٹیوں سے تقریباً 12 کروڑ روپے کی رقوم لے کر فرار ہو گیا ہے ایسی صورتحال میں مجھے بھی شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا میرا بمشکل ایاز محمود سے دوبارہ رابطہ ہوا تو اس نے مجھے کھاد کے 304 بیگ فراہم کیے جو جعلی کھاد ثابت ہوئی جس پر میرے خلاف شبیر وٹو نے تھانہ بستی ملوک میں کارروائی کے لیے درخواست دی جہاں پر بمشکل مجھے 20 لاکھ ستر ہزار روپے واپس کر کے کھاد واپس لینا پڑی اور بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا بلکہ میری کاروباری ساکھ بھی متاثر ہوئی میں نے ایاز محمود کے خلاف تھانہ ممتاز آباد میں کارروائی کے لیے درخواست دی لیکن تاحال کوئی کارروائی نہیں کی گئی ایاز محمود مختلف آڑھتیوں سے کروڑوں روپے ہڑپ کر چکا ہے اور ادائیگی کی مد میں مجموعی طور پر میرے 43 لاکھ 51 ہزار 447 روپے واجبات ادا کرتے ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب وزیر زراعت سیکرٹری زراعت، ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب، آر پی او سی پی او ملتان سے مطالبہ کیا ہے کہ فراڈیے فلور ملز مالک ایاز محمود کے خلاف مقدمہ درج کر کے میری رقم واپس دلائی جائے بصورت دیگر وہ وزیر اعلیٰ پنجاب سیکرٹریٹ کے دفتر کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ لگانے پر مجبور ہو جائیں گے اور جلد وفد کی صورت میں صوبائی حکومت پنجاب فلور ملز حکام سے بھی ملاقات کریں گے اور انہیں تمام صورتحال سے آگاہ کریں گے۔

ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف کا لودھراں پبلک سکول کا دورہ انتظامات کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف کا پبلک سکول کا اچانک دورہ - پرنسپل ظفر کمال ہاشمی سے ملاقات، کلاسز کا معائنہ، سکولز بیسڈ ایجوکیشن اور جدید سہولیات کی فراہمی پر زور



لودھراں (چوہدری منیر سے) لودھراں پبلک سکول میں نظم و نسق، تدریسی امور، ضروریات کی مانیٹرنگ، ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف لودھراں پبلک سکول پہنچ گئے۔ سکول پہنچنے پر پرنسپل ظفر کمال ہاشمی نے ویلکم کیا۔ سٹاف سے ملاقات، کلاسز کے وزٹ کے دوران طلباء و طالبات سے بات چیت کی کوالٹی ایجوکیشن دینے، بلڈنگ بلاک بارے رہنمائی بھی کی۔ سکول میں بچوں کیلئے دور حاضر کی تفریح، سپورٹس ضروریات پوری کرنے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول میں چینج آف کمانڈ کے بعد مثبت تبدیلیوں پر اظہار اطمینان، لودھراں پبلک سکول کو ماڈل تعلیمی ادارہ بنانے کا عزم کا اظہار بھی کیا۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید دور میں سکولز بیسڈ ایجوکیشن وقت کی ضرورت ہے، سکول کے تعلیمی معیار اور نظم و ضبط میں مزید بہتری لائی جائے، دور حاضر کے عین مطابق طلباء و طالبات کی گرومنگ پر بھی فوکس کیا جائے، ادارہ کی ضروریات کیلئے وسائل فراہم کرتے رہیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاسز میں طلباء و طالبات سے نصابی و غیر نصابی امور بارے سوالات بھی کیے۔ گریڈ 9 اور 10 کے طلباء و طالبات ادارہ کے بہتر رزلٹ کیلئے خصوصی محنت کریں، اچھے ڈسپلن اور سکول کلچر میں رہتے ہوئے ہر فیلڈ میں نام روشن کریں، پیشہ وارانہ تربیت کے حامل اساتذہ سے علوم پر دسترس حاصل کریں، تعلیم کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل سکلز پر عبور ضرور حاصل کیا جائے، تفریحی اور سپورٹس سرگرمیوں کی بدولت اپنی فٹنس اور باڈی لینگویج بہتر بنائی جائے

رکن پور یونین کونسل 39 اور 71 میں ستھرا پنجاب مہم بھرپور انداز میں جاری

ہم اکی ستھرا پنجاب میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ستھرا پنجاب شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے گا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت کے مطابق ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان ظہیر انور جپہ، میاں شعیب خالد اور ارسلان غنی کی نگرانی یونین کونسل 39 اور یونین کونسل 71 میں ستھرا پنجاب صفائی ستھرائی جاری ہے، مذکورہ یونین کونسلوں میں صفائی براہ راست آفیسران کی نگرانی میں جاری ہے۔ دوسری طرف فیلڈ میں تمام تر انتظامات کو ہیڈ سپر وائزر رانا ندیم نے لیڈ کرتے ہوئے ایریا انچارج محمد نعیم شاکر کی زیر قیادت ورکرز کی محنت سے کام کیا جا رہا ہے۔ جبکہ گلی محلوں، مین شاہراں اور کچرا کنڈیوں کی مکمل صفائی کی جاری ہے، مزید آفیسران نگرانی بھی کی جاری ہے اور میرٹ پر کام مکمل کیا جا رہا ہے۔ اگر علاقے میں کسی جگہ کمی بیشی نظر آئے تو شہری ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں مذکورہ یونین کونسل میں رانا ندیم و نعیم شاکر اپنی مکمل نگرانی ورک کی دیکھ بھال کر رہے ہیں شہریوں نے ستھرا پنجاب کی ٹیم کی محنت کو خوب سراہا اہل علاقہ کا کہنا شعیب خالد کی ذاتی دلچسپی انچارج محمد نعیم شاکر کی خصوصی توجہ کا نتیجہ ہے کہ ٹیم نے مشکل حالات اور کوئی بھی موسم ٹیم اپنی ایمانداری سے کام کر رہی ہے جبکہ ورکرز دل لگا کر کام کر رہے ہیں جو ورکرز کام نہیں کر رہے وہ گھر جائے ہم اکی ستھرا پنجاب میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ستھرا پنجاب شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے گا

سنی ورکرز کنونشن لاہور کی شاندار کامیابی، اہل سنت پنجاب کی جانب سے قائدین کو مبارکباد

جس پر جماعت اہل سنت پاکستان کی مرکزی، صوبائی، ڈویژنل ضلعی اور نچلی سطح کے قائدین عہدیداران اور ورکرز کو ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں



رکن پور (نمائندہ خصوصی) صوبائی نائب ناظم اطلاعات جماعت اہل سنت پنجاب علامہ محمد عبدالغفور سعیدی جھلن کی سنی ورکرز کنونشن لاہور کی اعلیٰ ترین کامیابی پر مرکزی اور صوبائی قائدین کو مبارکباد۔ جماعت اہل سنت پنجاب کے نائب ناظم اطلاعات علامہ محمد عبدالغفور سعیدی جھلن نے اپنے پریس ریلیز میں کہا کہ یہ جماعت اہل سنت پاکستان کی انٹرنیشنل سنی کانفرنس منعقدہ یکم دو اپریل 2020 ملتان کے بعد یکم نومبر 2026 لاہور کے سنی ورکرز کنونشن کی اعلیٰ کامیابی نے ایک بار پھر اہل سنت کے جمود کو پاش پاش کرتے ہوئے اسے شاہراہ دستور عروج پر لا کھڑا کیا ہے اس سے صوبائی قائدین امیر قافلہ عشق و مستی علامہ پیر سید خلیل الرحمن بخاری، مبلغ اسلام علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی، نوجوان قیادت علامہ صاحبزادہ سید معاذ المصطفیٰ قادری، مرد حر فاضل نوجوان علامہ حافظ نعیم المصطفیٰ قادری، ناظم اسٹیج مجاہد اہل سنت علامہ قاری فیض بخش رضوی، ترجمان جماعت اہل سنت پنجاب صاحبزادہ ذیشان کلیم معصومی کی میڈیا کوریج نے جماعت اہل سنت کے پیغام کو پاکستان بھر میں پہنچانے اور کارکنان کو بیدار کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے جس پر جماعت اہل سنت پاکستان کی مرکزی، صوبائی، ڈویژنل ضلعی اور نچلی سطح کے قائدین عہدیداران اور ورکرز کو ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں - علامہ محمد عبدالغفور سعیدی جھلن نے کہا کہ سنی ورکرز کنونشن میں جماعت اہل سنت ڈویژن لاہور و ضلعی امیر علامہ مولانا محمد اشرف سعیدی اور انکی پوری ٹیم کی استقبالیہ کاوشیں لائق تحسین و ستائش ہیں قائدین اور ورکرز کا ولولہ اور مجاہدانہ جذبات قابل رشک تھے ان تمام کامیابیوں کا سہرا صوبائی امیر علامہ سید خلیل الرحمن بخاری ناظم اعلیٰ علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی کے سر سجتا ہے انہوں نے مزید کہا ان شاءاللہ دنیا دیکھے گی لاہور کا سنی ورکرز کنونشن پاکستان میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ، مقام مصطفیٰ کے تحفظ، پاسبانی ختم نبوت، عظمت صحابہ و اہل بیت کے لیے سنگ میل ثابت ہو گا۔

الخدمت فاؤنڈیشن وہاڑی کے بنو قابل فال سیشن 2026 کی نئی کلاسز کا باقاعدہ آغاز کر دیا

پروگرام کا مقصد نوجوان طلبہ و طالبات کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق آئی ٹی کی معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنا ہے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) الخدمت فاؤنڈیشن وہاڑی کے بنو قابل فال سیشن 2026 کی نئی کلاسز کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا الخدمت فاؤنڈیشن وہاڑی کے زیر اہتمام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور آئی ٹی کے شعبے میں بااختیار بنانے کے لیے بنو قابل فال سیشن 2026 کی نئی کلاسز کا آغاز ہو گیا ہے امیر جماعت اسلامی وہاڑی چوہدری طارق محمود اور جنرل سیکرٹری الخدمت فاؤنڈیشن وہاڑی ملک مقصود اطہر اعوان نے سٹوڈنٹس کو بنو قابل پروگرام بارے آگاہی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد نوجوان طلبہ و طالبات کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق آئی ٹی کی معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنا ہے تاکہ سٹوڈنٹس عملی زندگی میں بہتر مواقع حاصل کر سکیں اور اپنے مستقبل کو روشن بنا سکیں الخدمت فاؤنڈیشن وہاڑی کی جانب سے نوجوانوں کی فنی تربیت اور خودمختاری کے لیے یہ اقدام ایک اہم پیش رفت ہے اس موقع کو نائب امیر جماعت اسلامی را فرمان کوثر، آئی ٹی انچارج حافظ نعیم الرحمن اور مقصود خان بھی موجود تھے آخر میں جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی وہاڑی راؤ عمر نفیس نے دعا بھی کروائی

تین ماہ سے تنخواہیں بند، سینٹری ورکرز کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورایہ سے اپیل کی ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے واجب الادا تنخواہیں جاری کروائی جائیں

گگو منڈی (نامہ نگار) تین ماہ سے تنخواہیں بند، سینٹری ورکرز کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے گگو منڈی میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت کام کرنے والے سینٹری ورکرز گزشتہ تقریباً تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، جس کے باعث انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث محنت کش ملازمین کے لیے گھریلو اخراجات، بچوں کی ضروریات اور روزمرہ زندگی کے معاملات چلانا مشکل ہو گیا ہے۔ متاثرہ سینٹری ورکرز کا کہنا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے ادا کر رہے ہیں، لیکن طویل عرصے سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے لگے ہیں۔ متاثرہ ورکرز نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورایہ سے اپیل کی ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے واجب الادا تنخواہیں جاری کروائی جائیں تاکہ محنت کش اپنے اہل خانہ کی کفالت کر سکیں۔

شہر اور گردونواح میں سموگ کے ڈیرے، شہریوں کو سانس لینے میں دشواری

سموگ کے باعث خاص طور پر بزرگوں، بچوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد کی مشکلات بڑھ گئی ہیں

گگو منڈی (نامہ نگار) شہر اور گردونواح میں سموگ نے ڈیرے جما لیے، فضا میں دھند اور آلودگی کی تہہ چھانے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صبح اور شام کے اوقات میں سموگ کی شدت کے باعث حد نگاہ بھی متاثر ہو رہی ہے، جبکہ شہریوں کو سانس لینے میں دشواری، آنکھوں میں جلن اور گلے کی تکالیف کی شکایات کا سامنا ہے۔ سموگ کے باعث خاص طور پر بزرگوں، بچوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ طبی ماہرین کی ہدایات کے مطابق شہری غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور اگر باہر جانا ضروری ہو تو احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے معیاری ماسک کا استعمال لازمی کریں۔ بالخصوص بچوں اور بزرگوں کو سموگ سے بچانے کے لیے خصوصی احتیاط برتی جائے شہریوں کا کہنا ہے کہ فضائی آلودگی کے باعث روزمرہ معمولات متاثر ہو رہے ہیں اور گھروں سے باہر نکلنا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سموگ کے تدارک کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، فضائی آلودگی کا باعث بننے والے عوامل کی روک تھام کی جائے اور عوام کو اس خطرناک صورتحال سے محفوظ رکھنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ اپنی اور اپنے اہل خانہ کی صحت کا خیال رکھیں، غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز کریں اور باہر نکلتے وقت ماسک ضرور پہنیں۔ صاف فضا اور صحت مند ماحول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

انجمن تاجران گول چوک کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد، پھولوں کے گلدستے پیش

انجمن تاجران گول چوک کے انتخابات مکمل - حاجی محمد شریف چیئرمین، حکیم نذیر احمد سرپرست اعلیٰ، شیخ شہزاد انجم جانند صدر اور محمد بلال سلیمان جنرل سیکرٹری منتخب



وہاڑی (شہزاد عابد سے) انجمن تاجران گول چوک وہاڑی کے نومنتخب عہدیداران کو ایم پی اے وہاڑی میاں ثاقب خورشید مرکزی انجمن تاجران وہاڑی ارشاد حسین بھٹی ضلعی جنرل سیکرٹری میاں ساجد آصف، جنرل سیکرٹری راؤ خلیل احمد، سابقہ کونسلر حاجی جمیل گجر، چیئرمین موبائل ایسوسی ایشن وہاڑی محمد علی عروج و دیگر شہریوں نے مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کے گلدستے پیش کیے انجمن تاجران گول چوک وہاڑی کے نومنتخب عہدیداران جن میں چیئرمین حاجی محمد شریف، سرپرست اعلیٰ حکیم نذیر احمد، صدر شیخ شہزاد انجم جانند، جنرل سیکرٹری محمد بلال سلیمان، سینئر نائب صدر شیخ ذیشان لطیف، نائب صدر مرزا وحید، فیصل چاولہ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عامر سلطان، فنانس سیکرٹری محمد آصف، انفارمیشن سیکرٹری شیخ عمر حیات، سیکرٹری نشر و اشاعت عمران غفار، خزانچی حاجی عبدالباری، آفس سیکرٹری حاجی محمد سلیم، جوائنٹ سیکرٹری عمران رفیق اور وائس چیئرمین بھٹی کو منتخب ہونے پر ممبر پنجاب اسمبلی میاں ثاقب خورشید، صدر انجمن تاجران وہاڑی ارشاد حسین بھٹی، ضلعی جنرل سیکرٹری میاں ساجد آصف، جنرل سیکرٹری راؤ خلیل احمد، سابقہ کونسلر حاجی جمیل گجر، حکیم سعید، صدر موبائل ایسوسی ایشن وہاڑی محمد علی عروج، مشتاق علی و دیگر شخصیات نے مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ کا وزٹ کیا

اس موقع پر انہوں نے شجرکاری کے عمل کو مزید تیز کرنے اور پھولدار پودے لگانے کی ہدایت کی



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ کا وزٹ کیا اور شجرکاری کے کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شجرکاری کے عمل کو مزید تیز کرنے اور پھولدار پودے لگانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ پودوں کی مناسب فاصلے اور ترتیب کے ساتھ شجرکاری یقینی بنائی جائے جبکہ پودوں کی حفاظت، باقاعدہ آبپاشی اور بروقت دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری کے لیے موزوں اور ماحول دوست اقسام کے پودوں کو ترجیح دی جائے۔ درخت ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور صاف ہوا کی فراہمی کا اہم ذریعہ ہیں جبکہ سرسبز درخت درجہ حرارت میں کمی اور خوشگوار ماحول کے ضامن ہیں۔ ملتان روڈ پر شجرکاری سے شہر کی خوبصورتی اور دلکشی میں اضافہ ہو گا، سرسبز شاہراہیں شہر کے حسن اور صاف ستھرے ماحول کی عکاس ہیں۔ اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال اور فاریسٹ افسران بھی موجود تھے۔